Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 بدھ 19 جولائی 2023ء 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 86

مردم شماری کو دوبارہ کرانے کے لیے سب کو متفق ہونا ہوگا، نواز شریف کی واپسی کا باقاعدہ اعلان ہوگا، ابھی تک حتمی تاریخ نہیں ہے، شیخ رشید کو گرفتار کر کے اسے اہمیت نہیں دینا چاہتے

PTI چیئرمین کو سزا یا نااہلی، کچھ بھی کہنا قبل از وقت ہے: رانا ثناء اللہ

رانا ثنا اللہ نے کہا کہ 9 مئی کے واقعات میں جو پی ٹی آئی والے ملوث نہیں ان کے خلاف کارروائی نہیں ہونی چاہیے، پی ڈی ایم کی تمام سیاسی جماعتیں اپنے اپنے پلیٹ فارم سے الیکشن لڑیں گی

وزیر داخلہ نے کہا کہ پنجاب میں اسمبلی کی سو اور صوبائی اسمبلی کی دو سو سیٹیں پکی ہیں، دہشت گردی کی کارروائیوں میں افغان سرزمین ملوث ہے، افغان حکومت روکنا نہیں چاہتی یا صلاحیت نہیں ہے

اسلام آباد (نامہ نگار) وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کو سزا یا نا اہلی ہو گی اس حوالے سے کچھ بھی کہنا قبل از وقت ہے، سزا الیکشن سے پہلے ہوگی یا بعد میں ہوگی، معلوم نہیں۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ مردم شماری کو دوبارہ کرانے کے لیے سب کو متفق ہونا ہوگا، نواز شریف کی واپسی کا باقاعدہ اعلان ہوگا، ابھی تک حتمی تاریخ نہیں ہے، شیخ رشید کو گرفتار کر کے اسے اہمیت نہیں دینا چاہتے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ 9 مئی کے واقعات میں جو پی ٹی آئی والے ملوث نہیں ان کے خلاف کارروائی نہیں ہونی چاہیے، پی ڈی ایم کی تمام سیاسی جماعتیں اپنے اپنے پلیٹ فارم سے الیکشن لڑیں گی، کسی سیاسی جماعت کے ساتھ انتخابی اتحاد نہیں کیا جائے گا۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ پنجاب میں اسمبلی کی سو اور صوبائی اسمبلی کی دو سو سیٹیں پکی ہیں، دہشت گردی کی کارروائیوں میں افغان سرزمین ملوث ہے، افغان حکومت روکنا نہیں چاہتی یا صلاحیت نہیں ہے، یہ سوال اپنی جگہ موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایڈیشنل سیشن جج پر جو الزامات لگائے گئے ہیں وہی الزامات سپریم کورٹ اور ہائیکورٹ کے ججز پر بھی ہیں اس کا فیصلہ جوڈیشری نے کرنا ہے، 190 ملین پاؤنڈ واپس لینے کے لیے سپریم کورٹ سے رجوع کرنا ہوگا۔ رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ موجودہ حالات میں امید نہیں کہ ہماری اپیل منظور ہوگی، عمران ریاض کہاں ہے اللہ بہتر جانتا ہے، فیملی کی طرف سے رابطہ کیا گیا (بقیہ نمبر 1)

نیب نے دو پاور پلانٹس کیخلاف انکوائری بند کرنے کی منظوری دے دی

چیئرمین نیب نے سی پیک کے تحت لگنے والے دو پاور پلانٹس کیخلاف انکوائری بند کرنے کی منظوری دے دی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) کوئلے کے پاور پلانٹس کے منصوبوں اور نیپرا حکام کے خلاف نیب انکوائری بند کر دی گئی۔ چیئرمین نیب نے سی پیک کے تحت لگنے والے دو پاور پلانٹس کیخلاف انکوائری بند کرنے کی منظوری دے دی، دونوں پاور پلانٹس سے قومی خزانے (بقیہ نمبر 4)

آٹا اور چینی کے ذخیرہ اندوزوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

نگران وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبہ میں آٹا اور چینی کے ذخیرہ اندوزوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کر لیا گیا

لاہور (خصوصی خبر نگار) نگران وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبہ میں آٹا اور چینی کے ذخیرہ اندوزوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ کر لیا گیا، چیف سیکرٹری پنجاب نے سپیشل برانچ کو مانیٹرنگ کی ذمہ داریاں تفویض کر دیں۔ چیف سیکرٹری پنجاب کے زیر صدارت سول (بقیہ نمبر 3)

وزیر خارجہ بلاول بھٹو غیر ملکی سفارتکاروں کے اعزاز میں عشائیہ دیں گے

وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری اسلام آباد میں مقیم غیر ملکی سفارت کاروں کے اعزاز میں دعوت کا اہتمام کریں گے

اسلام آباد (خبر نگار) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری غیر ملکی سفارت کاروں کے اعزاز میں عشائیہ دیں گے۔ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری اسلام آباد میں مقیم غیر ملکی سفارت کاروں کے اعزاز میں دعوت کا اہتمام کریں گے، اس حوالے سے غیر ملکی سفارت کاروں (بقیہ نمبر 2)

وزیر اعظم نے کہا کہ یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے، میں اگر سفارتی آداب کا خیال رکھتا تو شاید نام نہ لیتا لیکن دل یہ کہتا ہے کہ جس نے احسان کیا ہو، اس کو یاد رکھا جائے

چین نے مزید 600 ملین ڈالر قرضہ کا رول اوور کر دیا ہے: وزیر اعظم

آج اس تقریب میں حاضر ہو کر بے حد خوشی ہو رہی ہے، پورے پاکستان کی جانب سے نوجوانوں کو سلام پیش کرتا ہوں، محدود وسائل کے باوجود نوجوانوں نے پاکستان کا نام روشن کیا

پورے پاکستان میں کروڑوں نوجوان اس قابل ہیں کہ ان کو مواقع میسر کیے جائیں، اس بجٹ میں 5 ارب روپے نوجوانوں کیلئے رکھے گئے ہیں، امید ہے نئی آنے والی حکومت اس بجٹ میں مزید اضافہ کرے گی

یقین دلاتا ہوں کہ اگر اللہ تعالیٰ نے ہمیں آئندہ موقع دیا تو قوم کے ان کروڑوں بچے اور بچیوں کی تعلیم، ان کی ووکیشنل ٹریننگ اور ان کے کھیل کود کے میدان بنانے اور سجانے میں جتنے بھی وسائل مہیا کر سکے کریں گے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ چین کے ایگزم بینک نے مزید 6 سو ملین ڈالر کا قرضہ رول اوور کر دیا جس سے ملکی زر مبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہوا ہے۔ اسلام آباد میں وزیر اعظم یوتھ اسپورٹس انیشی ایٹو کے اجرا کی تقریب سے خطاب میں وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ آج اس تقریب میں حاضر ہو کر بے حد خوشی ہو رہی ہے، پورے پاکستان کی جانب سے نوجوانوں کو سلام پیش کرتا ہوں، محدود وسائل کے باوجود نوجوانوں نے پاکستان کا نام روشن کیا۔ وزیر اعظم (بقیہ نمبر 5)



اسلام آباد: ڈیفالٹ کا خطرہ ختم ہو چکا، ہمسایہ ملک کو معاشی میدان میں شکست دیں گے: وزیر اعظم

حالات گھمبیر ہو چکے، معیشت کو مستحکم جمہوریت کی ضرورت ہے

اگلے الیکشن کا فیصلہ پاکستان کے نوجوانوں کے ہاتھ میں آ گیا ہے، شیخ رشید

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) سربراہ عوامی مسلم لیگ اور سابق وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ ملک کے حالات اتنے سنگین اور گھمبیر ہو چکے ہیں کہ تباہ حال معیشت کو مستحکم جمہوریت کی ضرورت ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں سابق وفاقی وزیر شیخ رشید نے کہا کہ (بقیہ نمبر 7)

شاہد خاقان عباسی کی عدالتی دائرہ اختیار سے متعلق درخواست پر فیصلہ پھر موخر

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) عدالت نے شاہد خاقان عباسی کی عدالتی دائرہ اختیار سے متعلق درخواست پر فیصلہ پھر موخر کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق احتساب عدالت اسلام آباد نے سابق (بقیہ نمبر 6)

وزیر اعظم کا محسن نقوی سے رابطہ، سرکاری ملازمین کی تنخواہوں بارے گفتگو

وزیر اعظم نے محسن نقوی سے پنجاب کے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن کے معاملات پر گفتگو کی

محسن نقوی نے وزیر اعظم شہباز شریف کو سرکاری ملامین کی تنخواہوں کے معاملے کو دوبارہ کابینہ میں لے جانے کی یقین دہانی کروا دی

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم شہباز شریف نے پنجاب کے نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی سے ٹیلیفونک رابطہ کیا۔ وزیر اعظم نے محسن نقوی سے پنجاب کے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن کے معاملات پر گفتگو کی۔ رابطے میں پنجاب کے سرکاری ملازمین کی تنخواہیں وفاق کے برابر کرنے (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد: قومی اسمبلی تحلیل کرنے کی تاریخ پر ابھی فیصلہ نہیں ہوا: وزیر اطلاعات کی وضاحت

شہریوں کے ملٹری ٹرائل کا کیس، حکومتی فل کورٹ تشکیل دینے کی استدعا مسترد

سپریم کورٹ میں دائر درخواستوں پر سماعت کے دوران عدالت نے وفاقی حکومت کی فل کورٹ تشکیل دینے کی استدعا مسترد کر دی

اپنا موقف واضح کریں کہ کیا ملزمان کا تعلق جوڑنا ٹرائل کے لیے کافی ہوگا؟ کیا آئینی ترمیم کے بغیر سویلینز کا ٹرائل ہو ہی نہیں سکتا؟ جسٹس یحییٰ آفریدی

اسلام آباد (خصوصی خبر نگار) فوجی عدالتوں میں آرمی ایکٹ کے تحت عام شہریوں کے ٹرائل کے خلاف سپریم کورٹ میں دائر درخواستوں پر سماعت کے دوران عدالت نے وفاقی حکومت کی فل کورٹ تشکیل دینے کی استدعا مسترد کر دی۔ چیف جسٹس آف پاکستان عمر عطا بندیال کی (بقیہ نمبر 13)

سانحہ 9 مئی سے متعلق مزید ہوشربا تصاویر منظر عام پر آ گئیں

چکدرہ قلعے پر حملے کے بعد پورے قلعے، ریکارڈ اور گاڑیوں کو بھی نذر آتش کیا گیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سانحہ 9 مئی سے متعلق مزید ہوشربا تصاویر منظر عام پر آ گئیں جس میں شرپسندوں نے عسکری ہسپتال، ایئر فورس بیس سرگودھا اور عسکری تعلیمی اداروں کو بھی نہیں (بقیہ نمبر 9)

وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان نے کابینہ کا اعلان کر دیا

کیبنٹ ڈویژن نے 12 اراکین پر مشتمل کابینہ کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

گلگت (سٹی رپورٹر) نومنتخب وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان حاجی گلبر خان نے اپنی کابینہ کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق نومنتخب وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان حاجی گلبر خان نے اپنی کابینہ کا اعلان کر دیا ہے۔ کیبنٹ ڈویژن نے 12 اراکین پر مشتمل کابینہ کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے جس (بقیہ نمبر 10)

وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز اور انسانی وسائل کی ترقی کا ورکرز ویلفیئر فنڈ سیکرٹریٹ اسلام آباد کا دورہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی اور انسانی وسائل کی ترقی، ساجد طوری نے آج اسلام آباد میں ورکرز ویلفیئر فنڈ (WWF) سیکرٹریٹ کا دورہ کیا۔ اس دورے کا مقصد WWF کی جانب سے پاکستان میں محنت کشوں کی فلاح و بہبود کے لیے جاری اقدامات اور پروگراموں کا جائزہ لینا تھا۔ دورے کے دوران وزیر نے مختلف مصروفیات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا جس میں مرحوم (بقیہ نمبر 11)

وزیر داخلہ کی اٹالین سفیر سے ملاقات، غیر قانونی تارکین وطن کو واپس بھیجنے کا مطالبہ

اٹلی میں پاکستانی افرادی قوت کی کافی زیادہ مانگ ہے، سفیر نے پاکستانی پولیس اور سکیورٹی فورسز کی بھی تعریف کی

یورپی ممالک کو چاہیے کہ غیر قانونی طور پر گئے لوگوں کو ہرگز پناہ نہ دے لوگوں کو ملک واپس بھیجا جائے تاکہ یہ لوگ باقی لوگوں کیلئے باعث تقویت نہ بنیں

اسلام آباد (نامہ نگار) وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ سے اٹلی کے سفیر اینڈریاس فیراریز نے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات کو مزید بہتر بنانے اور داخلہ وزارتوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ اٹلی کے سفیر نے یونان میں کشتی حادثے کے دوران پاکستانیوں کے جانی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا، وزیر داخلہ رانا ثنا اللہ نے کہا یونان کشتی حادثے میں قیمتی جانوں کا ضیاع ایک انتہائی اندوہناک سانحہ ہے، اس میں ملوث ملزمان سے ہرگز نرمی نہیں برتی جائے گی۔ وفاقی وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ ہم ان لوگوں کو ویزہ جاری کرنے والے ممالک سے بھی اس مسئلے کو اٹھا رہے ہیں، یورپی ممالک کو چاہیے کہ غیر قانونی طور پر گئے لوگوں کو ہرگز پناہ نہ دے لوگوں کو ملک واپس بھیجا جائے تاکہ یہ لوگ باقی لوگوں کیلئے باعث تقویت نہ بنیں۔ ملاقات کے دوران اطالوی سفیر نے پاکستانیوں (بقیہ نمبر 12)

غیر شرعی نکاح کیس قابل سماعت قرار، عمران خان اور بشریٰ بی بی کو نوٹس جاری

عدالت نے عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو 20 جولائی کے لیے نوٹس جاری کر دیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کے خلاف غیر شرعی نکاح کیس قابل سماعت قرار دے دیا۔ (بقیہ نمبر 14)

جسٹس اعجاز الاحسن
چیف جسٹس عمر عطا بندیال
جسٹس یحییٰ آفریدی
جسٹس عائشہ ملک
جسٹس منیب اختر
جسٹس مظاہر نقوی

شہریوں کے ملٹری ٹرائل کا کیس: حکومت کی فل کورٹ تشکیل دینے کی استدعا مسترد

اسلام آباد: انتخابی اصلاحات پر تمام جماعتیں متفق، آئندہ ہفتے بل منظور کرایا جائے گا

چارسدہ پولیس کی کارروائی، اسلحہ کی نمائش پر 2 ملزمان گرفتار

پشاور (نیوز رپورٹر) چارسدہ پولیس کی اسلحہ نمائش کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں ڈی ایس پی تنگی بشیر احمد یوسفزئی کی قیادت میں ایس ایچ او تھانہ مندنی امتیاز علی شاہ نے کارروائی کرتے ہوئے اسلحہ کی نمائش کرنے پر 2 ملزمان کو گرفتار کر کے 2 پستول برآمد کر لیے۔ ملزمان کے (بقیہ نمبر 16)

ڈیزل کی قیمت میں حالیہ کمی پر 18 جولائی 2023 کو شائع ہونے والی خبر کی تردید

اخبار کے مندرجات وفاقی حکومت کی جانب سے جاری کردہ پالیسی رہنما اصولوں کے خلاف ہیں۔

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں منصفانہ اور درست کمی کے بارے میں سوال اٹھاتے ہوئے تیل کی صنعت کی جانب سے ظاہر کی گئی ناراضگی کی شائع شدہ خبر بالکل (بقیہ نمبر 15)

نبیﷺ کے گھرانے کا ہر فرد اور ہر صحابی رسول ہمارے سر کا تاج ہے: سنی علماء کونسل

فاروقؓ و حسینؓ سے بغض رکھنے والا روز محشر آقا علیہ اسلام کی شفاعت سے محروم رہیگا' حافظ حسین احمد

یکم محرم الحرام کو پورے ملک میں یوم شہادت فاروق اعظمؓ کے طور پر منائے گی اور پورے میں ملک جلسے جلوس اور تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا

لاہور (نامہ نگار) صدر سنی علما کونسل لاہور و صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ نبیؐ کے گھرانے کا ہر فرد اور ہر صحابی رسولؐ ہمارے سر کا تاج ہے، رحمت والے نبیﷺ نے جنہیں جنتی کہا ان صحابہ سے بغض رکھنے والا سب کچھ ہے لیکن مسلمان نہیں، فاروقؓ و حسینؓ سے بغض (بقیہ نمبر 17)



اسلام آباد: چیئرمین پی ٹی آئی کو سزا یا نااہلی، کچھ بھی کہنا قبل از وقت ہے: رانا ثنا اللہ

ایف آئی اے کو عمران کے خلاف سائفر تحقیقات کی اجازت مل گئی

لاہور (نیوز رپورٹر) عدالت نے عمران خان کے خلاف سائفر تحقیقات پر حکم امتناع ختم کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق لاہور ہائی کورٹ میں جسٹس علی باقر نجفی نے سائفر تحقیقات سے متعلق کیس کی سماعت کی۔ عدالت نے چیئرمین پی ٹی آئی کے خلاف سائفر پر ایف آئی اے کی انکوائری کے معاملے پر (بقیہ نمبر 18)

حمزہ شہباز کا طارق فضل چودھری کے بیٹے کے انتقال پر تعزیت کا اظہار

لاہور (نیوز رپورٹر) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف نے مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما طارق فضل چودھری کے بیٹے کے ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس حادثہ پر دل غم سے بوجھل (بقیہ نمبر 21)

غیر قانونی چھاپوں کیخلاف پی ٹی آئی کے 56 ارکان اسمبلی کا اعلیٰ حکام کو خط

نگران حکومت کی انتقامی کارروائیوں سے آئندہ انتخابات مشکوک ہوں گے، خط

پشاور (جنرل رپورٹر) پی ٹی آئی کے 56 ارکان اسمبلی نے غیر قانونی چھاپوں، گرفتاریوں، ایف آئی آرز اور حراسانی کے واقعات کے خلاف تحریک انصاف خیبر پختونخوا کے سابق ایم ا (بقیہ نمبر 20)

آئیسکو سب ڈویژن دولتالہ لائن سپرنٹنڈنٹ کی تمام پوسٹیں خالی

شہریوں نے اعلیٰ حکام سے فوری طور پر سپرنٹنڈنٹ کی تعیناتی کا مطالبہ کر دیا

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق آئیسکو سب ڈویژن دولتالہ میں افسران کی لاعلمی یا عدم دلچسپی کے باعث لائن سپرنٹنڈنٹ کی تمام پوسٹیں خالی ہونے کی وجہ سے لائن سپرنٹنڈنٹ کے اختیارات ایس ڈی سی کے سپرد کر دیے جس سے 25 سے 30000 ہزار صارفین کی آئے روز مشکلات میں اضافہ صارفین کا اعلیٰ افسران سے فوری طور پر لائن سپرنٹنڈنٹ کی تعیناتی کو یقینی بنانے کا مطالبہ کر دیا آئیسکو سب ڈویژن دولتالہ میں پچھلے کئی مہینوں سے لائن سپرنٹنڈنٹ کی تمام پوسٹیں خالی ہونے کی وجہ سے لائن سپرنٹنڈنٹ کے اختیارات ایس ڈی سی کے سپرد کر دیے صارفین کا کہنا ہے کہ ہماری مشکلات میں (بقیہ نمبر 19)

سرکل گوجرخان کے تینوں تھانوں کی حدود میں چوری ڈکیتی موٹر سائیکل لفٹنگ کی وارداتیں

پولیس نے تمام وارداتوں کے الگ الگ مقدمات درج کر کے اپنی تفتیش کا آغاز کر دیا

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق سرکل گوجرخان میں چوری ڈکیتی، موٹر سائیکل لفٹنگ کی وارداتیں پولیس نے تمام وارداتوں کے الگ الگ مقدمات درج کر کے اپنی تفتیش کا آغاز کر دیا تھانہ گوجرخان کی حدود میں محمد شعیب نامی شخص کا نادرا آفس کے پاس سے موٹر سائیکل چوری متاثرہ شہری کی مدعیت میں پولیس تھانہ گوجرخان نے مقدمہ نمبر 949/23 درج کر لیا گوجرخان (بقیہ نمبر 22)

دامن کوہ پارک گوہر ملک کی خصوصی دلچسپی سے بہتری آنا شروع

وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے پر فضا مقام دامن کوہ کے مینیجر گوہر ملک نے مضر صحت میٹھے سوڈا واٹر پر پابندی عائد کر دی گئی

گوہر ملک کی زیرو ٹالرنس پالیسی کے باعث مافیا ان کے خلاف ہو گیا ہے، کچھ عرصہ قبل نشاندہی کرنے پر صحافی کو بھی ہراساں کرنے کی کوشش کی گئی تھی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے زیر انتظام وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے پر فضا مقام دامن کوہ کے مینیجر گوہر ملک نے مضر صحت میٹھے سوڈا واٹر پر پابندی عائد کر دی گئی، پھیکا سوڈا استعمال کیا جائے گا جبکہ فوڈ سٹالز کو نمایاں طور پر ریٹ لسٹ آویزاں کرنے کی بھی ہدایت کی گئی ہے، سی ڈی اے کے قابل و ایماندار افسر گوہر ملک کی تعیناتی کے بعد پارک میں مثبت تبدیلیاں دیکھی جا رہی ہیں، اس سے قبل عوامی شکایات پر اوور چارجنگ کرنے والے دکانداروں کیخلاف کارروائی بھی کی گئی تھی، گوہر ملک کی زیرو ٹالرنس پالیسی کے باعث مافیا ان کے خلاف ہو گیا ہے، کچھ عرصہ قبل نشاندہی کرنے پر صحافی کو بھی ہراساں کرنے کی کوشش کی گئی تھی۔

نصیر آباد پولیس کی اہم کارروائی، رابری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ 02 ساتھیوں سمیت گرفتار

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) نصیر آباد پولیس کی اہم کارروائی، رابری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کا سرغنہ 02 ساتھیوں سمیت گرفتار، مسروقہ رقم 55000 روپے، 02 موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے رابری کی وارداتوں میں ملوث گینگ کے سرغنہ کو 02 ساتھیوں سمیت گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں گینگ کا سرغنہ جہانزیب عرف زیبی، جواد اور نعمان (بقیہ نمبر 25)

خواجہ بلال سلیم نے پوٹھوہار پریس کلب و سپیشل برانچ کے پرموٹ دوستوں کیلئے عشائیہ دیا

عشائیے میں صحافی، وکلا کی شرکت پرموٹ ملازمین کے لیے نیک خواہشات کا اظہار

صحافی انتظامیہ اور عوام کے درمیان پل کا کردار ادا کرتے ہیں صحافت ایک عظیم شعبہ ہے خواجہ بلال سلیم

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق انفورسمنٹ انسپکٹرز خواجہ بلال سلیم نے پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے نو منتخب عہدیداران، ممبران، وکلا دوستوں اور سپیشل برانچ کے پرموٹ ہونے والے دوست اشفاق، اور آصف کے اعزاز میں ایک پر تکلف عشائیہ سمیع اللہ شنواری میں دیا پارٹی نے ایک اجتماع کی شکل اختیار کر لی پارٹی کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا اس موقع پر انفورسمنٹ انسپکٹرز خواجہ بلال سلیم اور ملک فیض اللہ نے پوٹھوہار پریس کلب کے نو منتخب عہدیداران اور کابینہ کو مبارکباد دی اور سب کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا انفورسمنٹ انسپکٹر خواجہ بلال سلیم نے اس موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شعبہ صحافت کو معاشرے میں تیسری آنکھ سمجھا جاتا ہے جس سے علاقائی (بقیہ نمبر 26)

مریم اورنگزیب نے قومی اسمبلی کی تحلیل سے متعلق خبروں کی تردید کر دی

حکمران اتحاد کی دو بڑی جماعتوں مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی میں قومی اسمبلی تحلیل کرنے کے معاملے پر اتفاق ہو چکا ہے

8 اگست کو قومی اسمبلی تحلیل ہونے کی خبریں درست نہیں' اس حوالے سے ابھی کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوا، وزیر اطلاعات

کوئٹہ: محرم الحرام کا چاند نظر نہیں آیا، یوم عاشور 29 جولائی کو ہوگا

اسلام آباد (خبر نگار) وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے قومی اسمبلی کی تحلیل سے متعلق خبروں کی تردید کر دی۔ تفصیلات کے مطابق میڈیا رپورٹس میں ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ حکمران اتحاد کی دو بڑی جماعتوں مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی میں قومی اسمبلی تحلیل کرنے کے معاملے پر اتفاق ہو چکا ہے، جس کے تحت آئندہ ماہ 8 اگست کو قومی اسمبلی تحلیل کر دی جائے گی۔ اس معاملے پر وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے 8 اگست کو قومی اسمبلی تحلیل ہونے کی خبروں کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ 8 اگست کو قومی اسمبلی تحلیل ہونے کی خبریں درست نہیں کیوں کہ اسمبلی تحلیل کرنے سے متعلق (بقیہ نمبر 23)

مظفر گڑھ میں تین بہنیں قتل، لاشیں خالی پلاٹ سے برآمد

بتایا گیا ہے کہ تھرل کالونی سے یہ تینوں بہنیں گزشتہ رات لاپتا ہوئی تھیں، پولیس

پولیس کے مطابق ابتدائی شواہد کے مطابق تینوں بہنوں کو تیز دھار آلے سے گلا کاٹ کر قتل کیا گیا ہے

مظفر گڑھ (نیوز رپورٹر) تھرل کالونی سے تین لڑکیوں کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ مظفر گڑھ کی تھرل کالونی میں پیش آیا جہاں سے تین لڑکیوں کی لاشیں ملیں جو تینوں بہنیں ہیں۔ پولیس کے مطابق تینوں لڑکیوں کی لاشیں محلے کے ایک خالی پلاٹ سے ملی ہیں، بتایا گیا ہے۔

ضلعی انتظامیہ کی ناجائز منافع خوروں کے خلاف کارروائی

قیمتوں میں اضافے کے ساتھ ساتھ (8) کلو سے زائد پولی تھین بیگز ضبط کر لیے گئے

قیمتوں میں اضافے کے خلاف اور پروفیشنل بھکاریوں کے خلاف آپریشن جاری ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسلام آباد کی ضلعی انتظامیہ نے ناجائز منافع خوروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 8 ہزار روپے سے زائد کے جرمانے کر کے ایک دکان کو سر بمہر کر دیا۔ منگل کو ضلعی انتظامیہ کی جانب سے جاری تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی ہدایت پر تمام اسسٹنٹ کمشنرز کا اپنے اپنے علاقوں میں قیمتوں میں اضافے، تجاوزات، اور پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف آپریشنز جاری ہیں۔ اسسٹنٹ کمشنرز نے قیمتوں میں اضافے کے حوالے سے 144 مقامات (بقیہ نمبر 24)

مسلم لیگ ن کے رہنما طارق فضل چوہدری کا بیٹا ٹریفک حادثے میں جاں بحق

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) مسلم لیگ ن کے رہنما طارق فضل چوہدری کا بیٹا ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ٹریفک حادثے میں طارق فضل چوہدری کا بیٹا شدید زخمی ہوا جسے پمز اسپتال منتقل کیا گیا، مگر وہ جانبر نہ ہو سکا۔ بتایا گیا ہے کہ اسلام آباد کے علاقے سیونتھ ایونیو پر (بقیہ نمبر 27)

گوجرخان: خواجہ بلال سلیم نے پوٹھوہار پریس کلب و سپیشل برانچ کے پرموٹ دوستوں کیلئے عشائیہ دیا

عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

آرمی چیف کا افغانستان کو انتباہ

پاکستان فوج کے سربراہ جنرل عاصم منیر نے واضح کیا ہے کہ افغانستان میں تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کی محفوظ پناہ گاہوں پر تشویش ہے، پاکستان میں پرتشدد کارروائیاں ناقابل برداشت ہیں، ان کا موثر جواب دیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشت گردوں کے خلاف بلا امتیاز آپریشن جاری رہے گا اور دہشت گردی کی لعنت کو جڑ سے اکھاڑ کر چھوڑیں گے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (کے مطابق آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کوئٹہ گیریژن کا دورہ کیا جہاں انہیں ژوب میں ہونے والے حالیہ دہشت گردانہ حملے کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ آرمی چیف نے شہدا کو خراج تحسین پیش کیا اور سی ایم ایچ کوئٹہ میں زخمی فوجیوں کی عیادت کرتے ہوئے قوم کے لیے ان کی خدمات اور عزم کو سراہا۔ آئی ایس پی آر کے بیان کے مطابق مسلح افواج نے پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں افغان شہریوں کے ملوث ہونے کو ناقابل برداشت قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ عبوری افغان حکومت دوحہ معاہدے میں کیے گئے وعدوں کے مطابق کسی بھی ملک کے خلاف دہشت گردی کے ارتکاب کے لیے اپنی سرزمین حقیقی معنوں میں استعمال کرنے کی اجازت نہیں دے گی۔ واضح رہے کہ 13 جولائی کو بلوچستان میں ژوب گیریژن پر دہشت گردوں کے حملے میں نو فوجی جوان شہید ہو گئے تھے۔ سکیورٹی فورسز نے جوابی کارروائی میں جدید اور بھاری ہتھیاروں سے لیس پانچ دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا تھا جبکہ دو جائے وقوعہ سے فرار ہو گئے تھے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گردوں نے گیریژن میں گھسنے کی کوشش کی تاہم ڈیوٹی پر موجود سکیورٹی اہلکاروں نے اس کوشش کو ناکام بنایا اور دہشت گردوں کو منہ کی کھانا پڑی۔ فرار ہونے والے دہشت گردوں کو بھی سکیورٹی فورسز نے بعدازاں قریبی علاقے میں گھیر کر جہنم واصل کر دیا تھا۔ اسی روز سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان سوئی میں جھڑپ ہوئی تھی اور آئی ایس پی آر کے مطابق فائرنگ کے تبادلے میں دو دہشت گرد مارے گئے تھے جبکہ جھڑپ میں تین سکیورٹی اہلکار بھی شہید ہو گئے تھے۔ رواں سال مئی میں امیر جماعت اسلامی سراج الحق کے قافلے پر بھی اسی علاقے میں خودکش حملہ ہوا تھا جس میں وہ محفوظ رہے تھے تاہم ان کے چھ ساتھی زخمی ہو گئے تھے۔ دہشت گرد مسلسل بلوچستان کے امن پر حملہ آور ہیں، تین دہائیوں سے شورش کا شکار صوبے میں سکیورٹی فورسز کے اہلکاروں پر حملوں اور ٹارگٹ کلنگ کی خبریں آئے روز موصول ہوتی ہیں۔ مئی اور جون کے دوران سکیورٹی فورسز پر حملوں میں پاکستانی فوج کے میجر سمیت سات اہلکار شہید ہوئے تھے جبکہ ایک دہشت گرد بھی مارا گیا۔ یاد رہے کہ بلوچستان سے پکڑے جانے والے بھارتی جاسوس کلبھوشن یادو کے اعتراف کے مطابق وہ ایران اور افغانستان کے درمیان سرحدی علاقوں میں شورش پھیلاتا تھا، اس نے ایک بڑا نیٹ ورک ترتیب دیا اور وہ یہاں کے عسکریت پسند گروہوں کی بڑے پیمانے پر مالی معاونت بھی کرتا رہا ہے۔ ایسے کئی نیٹ ورک پاکستان مخالف سرگرمیوں میں ملوث ہیں۔ دہشت گرد جدید اسلحے اور وسائل سے لیس ہیں اور یہ اسی صورت ممکن ہے کہ جب انہیں بڑے پیمانے پر غیر ملکی سرپرستی حاصل ہو۔ دہشت گردوں کا نشانہ زیادہ تر بلوچستان اور خیبر پختونخوا بنتے ہیں۔ خیبر پختونخوا کے محکمہ انسداد دہشت گردی کی رپورٹ کے مطابق رواں سال کے پہلے چار ماہ میں دہشت گردی کے 180 واقعات رپورٹ ہوئے اور 711 خفیہ آپریشنوں میں 158 دہشت گرد گرفتار جبکہ 62 کو ہلاک کیا گیا۔ اپریل کے مہینے میں دہشت گردی کے واقعات میں 11 فیصد کمی آئی تھی تاہم اس کے برعکس رواں برس پہلے چھ ماہ کے دوران ملک بھر میں دہشت گردی کے واقعات میں 79 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ پاکستان انسٹیٹیوٹ فار کانفلیکٹ اینڈ سکیورٹی سٹڈیز کی رپورٹ کے مطابق 2023 کے پہلے چھ ماہ کے دوران دہشت گردی کے 271 واقعات میں 389 افراد جان کی بازی ہار گئے جبکہ گزشتہ برس اسی عرصے کے دوران 151 حملوں میں 293 افراد ہلاک ہوئے تھے۔ جنوری سے جون 2023 کے دوران سکیورٹی فورسز نے مختلف کارروائیوں میں 236 دہشت گردوں کو ہلاک جبکہ 295 کو حراست میں لیا۔ سب سے زیادہ متاثرہ صوبہ خیبر پختونخوا رہا جہاں دہشت گردی کے واقعات میں 266 ہلاکتیں ہوئیں۔ بلوچستان میں دہشت گردی کے 75 واقعات رپورٹ ہوئے جن کے نتیجے میں 100 افراد مارے گئے ہیں تاہم اعداد و شمار کے مطابق اس عرصے کے دوران صوبے میں دہشت گردی کے حملوں میں پچھلے سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 103 فیصد جبکہ جانی نقصان میں 60 فیصد اضافہ ہوا۔ ماہرین کے مطابق افغانستان سے امریکی انخلا اور طالبان کے کنٹرول سنبھالنے کے بعد سے بلوچستان میں دہشت گردی کے واقعات میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے جس کی بڑی وجہ دہشت گردوں کے افغانستان میں محفوظ ٹھکانوں کی موجودگی ہے جہاں سے یہ دہشت گرد پاکستان میں کارروائیاں کرنے آتے ہیں اور پھر واپس چلے جاتے ہیں۔ خیبر پختونخوا سکیورٹی فورسز کی توجہ کا مرکز رہا لیکن اس کے باوجود وہ دہشت گردی سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والا صوبہ ہے۔ مئی 2021 میں افغانستان امریکی انخلا کی طرف بڑھ رہا تھا اور پاکستانی حکومت کو آنے والے خطرات کا اندازہ تھا اس لیے دراندازی کی روک تھام کے لیے امریکی افواج کی موجودگی میں ہی پاک افغان سرحد پر باڑ لگانے میں تیزی لا چکی تھی۔ اس دوران بلوچستان کے ضلع ژوب سے ملحقہ منزکی سیکٹر کے قریب بارڈر پر افغانستان کی جانب سے باڑ لگانے والی سکیورٹی ٹیم پر حملہ کیا گیا جس میں چار سکیورٹی اہلکار ہلاک جبکہ چھ زخمی ہو گئے تھے۔ 15 اگست 2021 کو افغانستان میں طالبان کی آمد اور پاک افغان سرحد پر باڑ کے باوجود بلوچستان میں دہشت گردی کے واقعات بڑھتے چلے جا رہے ہیں کیونکہ بلوچ مزاحمت کاروں اور تحریک طالبان پاکستان کے درمیان قربتیں بڑھ چکی ہیں خصوصاً سی پیک کے روٹ پر واقع ژوب مسلسل دشمنوں کے نشانے پر ہے، گزشتہ کچھ عرصے میں اس علاقے میں پرتشدد کارروائیوں میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔

تعلیم دینا ریاست کی ذمہ داری؟

شارق رسول

ریاست کے بنیادی پہلوؤں کی روشنی میں تعلیم کی ریاستی ذمہ داری کو سمجھا جا سکتا ہے۔ ریاست عوام کے وسائل ان سے لے کر ان کی فلاح و بہبود کے لئے استعمال کرتی ہے۔ یہ وسائل لوگ خود زیر استعمال لانے کے اہل ہوتے ہیں، مگر ریاست عوام تک یہ وسائل بحیثیت فرد کے پہنچاتی ہے۔ ریاست کے بغیر لوگوں کی معیشت آپس میں وسائل بانٹ کر چلتی تھی جیسے گاؤں میں لوگ اپنی ضرورتیں خاندان، قبیلے یا علاقے کے افراد کی مدد سے پوری کرتے تھے۔ بحیثیت فرد ہمیں کوئی سہولت میسر نہ تھی۔ علاج معالجے، پیسے کمانے کے لئے جو رقم درکار ہوتی وہ خاندان یا برادری کے افراد مہیا کرتے اور جب بھی کسی اور کو ضرورت ہوتی تو ہم اپنی بہتر معاشی صورتحال کے تحت مدد کر دیتے۔ بالکل اسی طرح تعلیم کے لئے بھی وسائل درکار ہوتے جو کہ گرد و نواح کے لوگ فراہم کرتے۔ ریاست نے یہ تمام سہولیات تمام افراد کو ایک دوسرے کا محتاج ہوئے بغیر مہیا کرنے کا وعدہ کیا اور اس کے بدلے ہر فرد سے اس کے وسائل میں سے مخصوص حصہ لیا۔ یہ بات واضح ہے کہ ہمارے وسائل ریاست کے پاس موجود ہیں اور ریاست نے ہم سے وسائل میں سے کچھ حاصل بھی کیا ہے تو ہم تک وہ تمام سہولیات کیوں نہیں پہنچ رہیں؟ جن میں تعلیم اور صحت سب سے اہم ہیں۔ یہ سوال تب ضرور بنتا ہے اگر تو ریاست موجود ہو اور اگر ریاست کی موجودگی میں ہم سب کچھ خود کر رہے ہیں تو بظاہر ریاست اپنے وعدے پر پورا نہیں اتر رہی۔ یہ کہنا بھی غلط نہ ہوگا کہ ریاست کا وسائل پر قبضہ ہے، کیونکہ قومیں اور برادریاں ایک جٹ ہو کر ریاست کے خلاف لڑ سکتی ہیں، مگر بحیثیت فرد ریاست سے اپنا مطالبہ منوانا سہل نہیں۔ پاکستان میں بھی لوگ بحیثیت فرد کے رہتے ہیں اور ریاست کے آگے بے بس ہیں۔ بلوچ قبائل ریاست سے اپنے حقوق کی لڑائی میں نسبتاً مضبوط نظر آتے ہیں، کیونکہ وہاں آج بھی ریاست کے قوانین کے ساتھ برادری کی روایات برقرار ہیں اور ان روایت اور قانون کا مطلب ہے کہ وسائل مکمل طور پر ریاست کے پاس نہیں۔ ریاست مکمل طور پر اپنا قانون نافذ کر دے تو کوئی مضائقہ نہیں، کیونکہ وہ وسائل لوگوں سے لے کر ان کے لئے استعمال کیے جا سکتے ہیں، لیکن برادریوں کے فرد میں تبدیل ہو جانے اور بکھرنے سے ریاست مضبوط ہوتی ہے اور کوئی بعید نہیں کہ ریاست اپنے قول سے پھر جائے اور لوگوں کے وسائل ان تک نہ پہنچنے دے۔ ریاست کے بتائے گئے ڈھانچے کو مدنظر رکھتے ہوئے تعلیم سے متعلق کون سا سوال زیادہ ضروری ہے؟ ریاست کو ہمارے تعلیمی نصاب میں کیا پڑھانا چاہئے یا جو تعلیم ہم اپنے وسائل کی مدد سے حاصل کرتے تھے تاکہ وسائل کو بڑھایا جا سکے، اپنے وعدے کے مطابق کیا ریاست ہمیں وہ مہیا کر رہی ہے؟ اس نظر سے اپنے تعلیمی مسائل کو دیکھیں تو لگتا ہے کہ ہمیں ٹرک کی بتی کے پیچھے دوڑایا جاتا ہے۔ ترقی کے امکانات کی حدود کو سمجھے بغیر تعلیم کے لئے لائحہ عمل بنایا جاتا ہے یا ہم سے منوایا جاتا ہے، جس کی بدولت ہم تعلیمی سرگرمیوں میں موجود پوشیدہ صلاحیت سے ناآشنا ہیں اور اپنے حقوق کے حصول سے قاصر ہیں۔ ریاست کی عوام کو معیاری تعلیم مہیا کرنے کی ذمہ داری یورپی ریاستوں کو مدنظر رکھتے ہوئے بھی سمجھی جا سکتی ہے۔ یورپی ریاستوں کے تعلیمی نظام کو دیکھیں تو وہاں ریاست اپنے شہریوں کو مفت اور اعلیٰ تعلیم مہیا کرتی ہے، جس کی وجہ یہ ہے کہ ریاست اپنے عوام سے کئے گئے قول پر پورا اتری اگر ریاست بدنیت ہوتی اور لوگوں کی فرد اور برادری کی کمزوری کا فائدہ اٹھاتے ہوئے من چاہی پالیسیوں کے تحت عوام کو دیانت داری سے ان کا جمع شدہ پیسا یا وسائل واپس نہ کرتی تو اس کے دو ممکنہ نتائج نظر آتے۔ پہلا یہ کہ سرکاری سکولوں میں تعلیم کا معیار ناقص ہوتا اور دوسرا یہ کہ پرائیویٹ سکول سسٹمز کی بھرمار ہوتی اور تعلیمی معیار کے نام پر اس طرز کی گلی اور دکانیں کھلی ہوتیں اور بچے ایک مخصوص وقت پر اچھا سا پڑھنے کی بجائے در در کی ٹھوکریں کھاتے اور کہیں سے بھی اعلیٰ معیار کی تعلیم نہ حاصل کر پاتے، مگر محنت کے نام پر بے سود معمول پر کاربند رہتے اور والدین کی محنت اور پیسوں کا ضیاع الگ۔ اس سے زیادہ خوفناک صورتحال سکول فیس کی عدم ادائیگیوں پر بچوں کی سکول سے اخراج کی ہوتی۔ پرائیویٹ تعلیم کا مطلب معیاری تعلیم نہیں، بلکہ سرکار کی جانب سے عوام کے وسائل کی چوری ہے۔ جب ریاست عوام کی تعلیم سے مختص وسائل کو لوگوں پر صرف کرنے کی بجائے اپنے خزانے بھرے گی اور ان وسائل کو صحیح جگہ پہنچانے کے لئے اسٹرکچر پر کام نہیں کرے گی تو لوگ ذاتی کاوشوں کی بنا پر پرائیویٹ تعلیمی اداروں کا رخ کریں گے اور ان اداروں میں بنا مشقت وہی پڑھ سکتے ہیں، جن کے وسائل ریاست نے چھینے نہیں یا وہ خود ریاست کا حصہ ہیں، کیونکہ محدود وسائل رکھنے والے لوگ یا تو سکول کی مہنگی تعلیم مکمل نہیں کر پائیں گے یا میٹرک تک پڑھ کر عملی زندگی کا حصہ بن جائیں گے، کیونکہ مستقبل میں پرائیویٹ کالج یا جامعات کے اخراجات کے لئے مزید قرضوں یا اضافی خرچ کی سکت نہیں رہتی۔ دوسری صورت مدرسے میں پڑھنے کی ہوتی ہے، جس کی فیس کے لئے زیادہ تگ و دو نہیں کرنی پڑتی۔ نہ جانے کتنے ہی طالب علم سکول کی بجائے مدرسے میں پڑھتے ہیں، صرف اس لئے کہ ریاست ان کے حق کو دیانت داری کے ساتھ واپس نہیں کر سکی۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ جمہوریت اور آزادی اظہار کی بات کرنے والی قوم اپنی تعلیم کے انتخاب میں کس قدر آزادی رکھتی ہے اور معمول میں نظر آنے والے نظریاتی لوگ کتنا نظریے کی بنا پر اور کتنا معاشی دباؤ کے چلتے مختلف شعبہ جات میں سرگرم نظر آتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ ہم یہاں سے کہاں جانا چاہتے ہیں؟ ہم اپنے نظریات کے توسط سے جو کچھ حاصل کرنا چاہتے ہیں کیا اس کی کوئی حقیقت ہے؟ دوسرا یہ کہ ہم قومی مفاد اور نظریے کے نام پر جو کچھ کر رہے ہیں کیا وہ سب ریاست کے مہیا کردہ تعلیمی نظام کی دین ہو سکتی تھی؟ وہ نظام جس میں عوام کی تعلیم کی خاطر مختص رقم کو سرکاری سکولوں کے معیار کو بڑھانے میں لگایا جاتا۔ پھر شاید ہمیں وہ سب کرنے ضرورت پیش نہ آتی جو ہم آج کے دور میں کر رہے ہیں، مثلاً قرآن پڑھا کر پیسے کمانا، موٹیویشنل سپیکنگ، نیٹ ورک مارکیٹنگ وغیرہ۔ ہمیں ایسے تعلیمی نظام کی ضرورت ہے جو ہماری ضرورتوں کے لحاظ سے بہترین ہو۔ یورپ کے تعلیمی نظام میں بھی ضرورت کا عنصر واضح ہے۔ سترویں صدی میں یورپ میں جو تعلیمی انقلاب آیا اس میں تعلیمی نظام میں ایسے مضامین شامل کیے گئے جو دور دراز کی زمینوں پر بذریعہ سمندر پہنچنے اور وہاں کے وسائل پر قبضے میں مدد کر سکیں جیسے کہ جیولوجی۔ بلاشبہ ان مضامین نے زمین اور کائنات کے سحر انگیز رازوں سے پردہ اٹھایا، مگر آخر میں اس کا مقصد وسائل کا حصول تھا نہ کہ حقیقت کی تلاش۔ ہم اپنا مقابلہ مغربی طاقتوں سے کرتے ہیں اور ان کے ہم پلہ بننے کی خواہش رکھتے ہیں، جبکہ مغرب دنیا کے وسائل پر قبضہ کر کے ایک بڑی طاقت بنا اور ہم اپنے وسائل کو بچانے سے بھی قاصر ہیں۔ مزید یہ کہ ہماری طاقت بننے کے خواب کا مقصد کیا ہے؟ کیا ہم بھی دوسروں کے وسائل پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں؟

لاہور پولیس اور قبضہ مافیا کے گٹھ جوڑ کا انکشاف

یونس باٹھ

پولیس اور قبضہ مافیا کا گٹھ جوڑ کوئی نئی بات نہیں ہے۔ قبضے کی کال لیں معمول اور یہ پولیس افسران کو موصول ہونا روٹین کی کارروائی ہے۔ تاہم کالر کی شکایت پر اگر پولیس قبضہ کرنے کی نیت سے آنے والے کو بروقت گرفتار کرکے کارروائی عمل میں لاتی ہے تو متاثرین کو یقیناً انصاف بھی مل جاتا ہے، ایسی کارروائیوں سے متاثرین سکھ کا سانس لینے کے ساتھ افسران کے لیے دعا گو بھی رہتے ہیں مگر جہاں تھانیدار، ایس ایچ او، ڈی ایس پی اور ایس پی بھی قبضہ مافیا کے گھناؤنے کاروبار کا حصہ بن جائیں تو وہاں متاثرین کو انصاف ملنے کے کوئی چانس دکھائی نہیں دیتے لیکن اس کے باوجود اگر وہ بچ نکلتا ہے تو اسے معجزہ ہی قرار دیں گے۔ آج کے آرٹیکل میں جو پردہ اٹھا رہے ہیں اس میں تھانیدار سے لے کر ایس پی تک سبھی ملوث ہیں اور اس قبضے کے صرف لاہور میں ہی نہیں، آئی جی پولیس اور اس سے بھی اوپر تک چرچے ہو رہے ہیں حساس ادارے کے افسران بھی اس میں کود پڑے ہیں امکان ظاہر کیا گیا کہ اس چشم کشا حقائق کے سامنے آنے پر سبھی فارغ ہو جائیں گے مگر ایسا تاحال ممکن نہیں ہوا ہے۔ واقعہ کی رپورٹ پیش کرنے سے قبل بتاتے چلیں۔ لاہور میں تعینات ہونے والے زیادہ تر افسران قبضہ مافیا کیساتھ ملکر قیمتی پلاٹوں، اراضی پر قبضہ اور قیمتی تحفے تحائف لیتے رہے ہیں۔ کچھ اس حوالے سے کافی مشہور بھی ہوئے اور بعض کو یہاں سے ٹرانسفر بھی کر دیا گیا مگر پولیس افسران اور قبضہ مافیا کے گٹھ جوڑ کا سلسلہ یونہی چلتا رہا۔ مگر افسوس ناک پہلو یہ ہے کہ صوبائی دارالحکومت لاہور وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف کا شہر ہے جہاں وہ زیادہ وقت بھی گزارتے ہیں۔ سرکاری مشینری بھی پوری طرح سرگرم ہے، کیا خادم پاکستان کو قبضہ مافیا اور پولیس کے گٹھ جوڑ کا علم نہیں جو ڈھونڈتے پھرتے ہیں؟ حقیقت یہ ہے کہ یہ طاقتور قبضہ مافیا جس میں پولیس افسران بھی شامل ہیں حکومتی عہدیداروں کے دائیں بائیں باآسانی دیکھا جا سکتا ہے۔ پولیس جس کا کام ہر صورت اور حالت میں آئین و قانون کی عملداری کرنا اور کرانا ہوتا ہے جب اس محکمہ کے اعلیٰ افسران بھی قبضہ مافیا کا حصہ بن جائیں تو پھر سسٹم کا خدا ہی حافظ ہے۔ راقم کو حاصل ہونے والی دستاویزات اور معلومات کے مطابق لاہور کے نواحی علاقہ رائیونڈ میں سواتی نام کے ایک شخص کی ایک ارب روپے مالیت کی اراضی کا ایک شخص نے ایک مقامی سوسائٹی کی انتظامیہ کے ساتھ بیعانہ کروا کر رقم کی مکمل ادائیگی اور رجسٹری کروانے سے قبل ہی پولیس سے ساز باز ہو کر قبضہ کروا دیا۔ مالک زمین نے خریدار کے ساتھ دوران معاہدہ یہ طے پایا تھا کہ اس نے آدھی رقم وصول کر لی ہے اور بقایا 50 کروڑ وصول کرنے کے بعد رجسٹری کروا کر قبضہ ان کے حوالے کرے گا۔ تاہم سا سائٹی کی انتظامیہ نے رقم کی مکمل ادائیگی اور رجسٹری سے قبل ہی پولیس سے ساز باز ہو کر مذکورہ شخص کی اراضی پر قبضہ کر لیا۔ اطلاعات کے مطابق مذکورہ شخص جس نے ابھی 50 کروڑ روپے حاصل کرنا تھے اپنی اراضی پر قبضہ دیکھ کر اس نے شور مچانا شروع کر دیا معلوم ہوا ہے کہ اس متاثرہ شخص کی حساس ادارے کے آفیسرز تک بھی رسائی حاصل ہے ناانصافی اور زیادتی کے بارے میں جب انہیں بتایا گیا تو انہوں نے فوری نوٹس لیتے ہوئے آئی جی پولیس پنجاب سے رابطہ کیا تو دوران انکوائری اس میں صدر ڈویژن کے افسران اور مقامی ایس ایچ او ملوث پائے گئے۔ لاہور بالخصوص صدر ڈویژن سوسائٹیوں کی بھرمار کی وجہ سے پولیس افسران کیلئے خزانے کی کنجی سے کم نہیں ہے۔ جہاں پولیس افسران کا فوکس جرائم کی شرح کو کنٹرول کرنے کی بجائے قبضہ مافیا کے ساتھ گٹھ جوڑ دکھائی دیتا ہے۔ پولیس افسران مافیا سے ملکر قیمتی رقبہ پر قبضہ کے عوض بھاری رقوم، تحفے تحائف وصول کر رہے ہیں۔ کرپشن کے دلدادہ ہر پولیس آفیسر کی یہ خواہش ہے کہ اسے لاہور بالخصوص صدر ڈویژن میں تعینات کیا جائے، لاہور میں پولیس کا قبضہ مافیا کے ساتھ گٹھ جوڑ کر کے بھاری رشوت لینے کا یہ پہلا واقعہ نہیں ہے ڈیڑھ ماہ قبل بھی رائیونڈ کے ہی ایک رہائشی سلیم عمران نے بھی لاہور پولیس کے اعلیٰ افسران کو درخواست دی تھی کہ وہ 107 کینال اراضی رائیونڈ روڈ کا مالک و قابض ہے 19 اپریل کو اس کے چوکیدار اعظم نے کال کی کہ قبضہ مافیا کے کچھ عناصر زبردستی اس کی زمین میں گھسنے کی کوشش کر رہے ہیں پولیس موقع پر آئی ان عناصر کو پکڑ کر تھانے لے گئی درخواست گزار بھی تھانے پہنچا تو اسے چوکیدار کی دوبارہ کال آئی کہ کچھ پولیس اہلکار آئے ہیں جو حویلی نما اراضی کے اندر زبردستی داخل ہونا چاہتے ہیں درخواست گزار موقع پر پہنچا تو اہلکاروں نے بتایا کہ ڈی ایس پی کا حکم ہے کہ زمین سے سب کو باہر نکال دو، درخواست گزار نے کہا کہ معاملہ پہلے ہی تھانے میں زیر سماعت ہے مگر اہلکاروں نے ایک نہ سنی اور انہیں غلیظ گالیاں اور دھکے دیتے ہوئے زبردستی وہاں سے نکال دیا۔ درحقیقت درخواست گزار نے اس اراضی کو فروخت کرنے کا معاہدہ ایک مقامی شخص کے ساتھ کر رکھا تھا کچھ رقم وصول کر لی تھی اور بقایا 10 کروڑ روپے 3 مئی کو وصول کر کے قبضہ دینے اور رجسٹری کروا کر دینے کا معاہدہ کر رکھا تھا سلیم عمران سے تحریری معاہدہ پر ہی اس شخص نے یہ زمین مقامی سوسائٹی کی انتظامیہ کو فروخت کرنے کا بیعانہ کیا ہوا تھا سلیم عمران نے رقم کلیر نہ ہونے کی وجہ سے نہ تو قبضہ اس شخص کے حوالے کیا تھا اور نہ ہی رجسٹری کر کے دی تھی وہاں جو قبضہ لینے آئے تھے وہ اس شخص اور سوسائٹی کی انتظامیہ کے لوگ تھے دوران انکوائری پولیس کا قبضہ مافیا کے ساتھ گٹھ جوڑ ثابت ہوا۔ بظاہر دکھائی دیتا ہے کہ صدر ڈویژن لاہور پولیس کیلئے کسی جنت سے کم نہیں۔ لاہور میں رہتے ہوئے نامصائب حالات کے باوجود صدر ڈویژن ایسی کان ہے جو ہر وقت سونا اگلتی رہتی ہے۔ صدر کے ہر تھانہ کو سونے کی چڑیا کے طور پر جانا جاتا ہے۔ لاہور پولیس کے سابقہ سمیت موجودہ پولیس افسران نے صدر ڈویژن میں واقع سوسائٹیوں سے بھرپور استفادہ کیا ہے اور اسی طرح یہ کروڑوں اربوں روپے کی جائیدادوں کے مالک بن جاتے ہیں۔ اس طرح کے واقعات پیش آنے پر لاہور پولیس کے سربراہ بلال صدیق کمیانہ بے خبر ہوں ممکن نہیں ہے۔ ان واقعات سے ثابت ہوتا ہے کہ لاہور پولیس کے اعلیٰ افسران بہتی گنگا میں خوب ہاتھ دھو رہے ہیں اور انہیں کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔ تاہم سا سائٹی کی انتظامیہ نے رقم کی مکمل ادائیگی اور رجسٹری سے قبل ہی پولیس سے ساز باز ہو کر مذکورہ شخص کی اراضی پر قبضہ کر لیا۔ اطلاعات کے مطابق مذکورہ شخص جس نے ابھی 50 کروڑ روپے حاصل کرنا تھے اپنی اراضی پر قبضہ دیکھ کر اس نے شور مچانا شروع کر دیا معلوم ہوا ہے کہ اس متاثرہ شخص کی حساس ادارے کے آفیسرز تک بھی رسائی حاصل ہے ناانصافی اور زیادتی کے بارے میں جب انہیں بتایا گیا تو انہوں نے فوری نوٹس لیتے ہوئے آئی جی پولیس پنجاب سے رابطہ کیا تو دوران انکوائری اس میں صدر ڈویژن کے افسران اور مقامی ایس ایچ او ملوث پائے گئے۔ لاہور بالخصوص صدر ڈویژن سو سائٹیوں کی بھرمار کی وجہ سے پولیس افسران کیلئے خزانے کی کنجی سے کم نہیں ہے۔

سمجھوتستان

کوثر عباس

نام: کیلم ہوڈس، عمر: انیس (19) سال، جرم: پرتشدد مظاہروں میں شریک ہوا، منصوبہ سازوں کے منصوبے میں ان کا آلہ کار بننا، محمد ہارون کو زخمی کرنا، چوری اور ڈکیتی، سزا: نو (9) سال قید نام: ریو مائر، عمر: سولہ (16) سال، جرم: انھی مظاہروں میں حصہ لینا اور ایک ٹیکسی ڈرائیور کو لوٹنا، سزا: چار (4) سال قید نام: کیسی سکنر، عمر: بیس (20) سال، جرم: پرتشدد مظاہرے، چوری اور ریاست میں بدنظمی پھیلانا، سزا: نو (9) سال قید تفصیلات میں کیا جانا، مختصر بات کریں تو سولہ سالہ کریم کو تین سال سزا ملی، لائم ہوج کی عمر اکیس سال تھی لیکن اسے بھی چار سال کے لیے جیل بھیج دیا گیا کیونکہ اس نے فسادات کے دوران چھوٹا موٹا سامان چرایا تھا، ٹیلر بریور کی عمر انیس سال تھی لیکن چونکہ اس نے فسادات کے دوران چوری شدہ سامان ٹھکانے لگانے میں مدد کی تھی لہذا اسے بھی سزا سنا دی گئی، جاز ڈیڈیئر بھی بیچارہ ابھی عمر کی اٹھارہ بہاریں ہی سیکھ پایا تھا کہ فسادات برپا ہو گئے اور اسے بھی انتشار پھیلانے کے جرم میں اٹھارہ ماہ سزا ملی، ٹریوس ولیم کی عمر اکیس سال تھی جب اسے سولہ ماہ کی قید کی سزا سنائی گئی اور اس کا جرم بھی فسادات کے دوران تشدد کو ہوا دینا اور ان میں شریک ہونا تھا، احمد علی نام کا انیس سالہ جوان بھی نو سال کی سزا کا شکار بن گیا جس نے محض ایک دکان سے کچھ سامان لوٹا تھا، سترہ سالہ ایمن ابراہیم کو بھی تشدد، لوٹ مار اور بدنظمی پھیلانے کے جرم میں تینتیس ماہ کی سزا سنا دی گئی، انس ابراہیم کا جرم بھی کچھ ایسا ہی تھا لیکن سزا کا دورانیہ چھ سال مقرر ہوا، اس کے علاوہ انیس سالہ ڈین بروک کو دو سال جبکہ اٹھارہ سالہ ناصر محسن کو تقریباً چھ سال کی سزا ملی۔ بلکہ اس سے عجیب بات یہ ہے کہ ان فسادات میں ایک تیرہ سالہ لڑکی نے ایک بلڈنگ کا شیشہ توڑ دیا لیکن عدالت نے اسے بھی نہ بخشا بلکہ اسے بھی سزا کا سامنا کرنا پڑا جیسا کہ ایک دو جانگیے چرانے والی ایک عورت کو بھی سمجھنا پڑا کہ ریاست کیا ہوتی ہے اور اس کی رٹ چیلنج کرنے کا نتیجہ کیا نکل سکتا ہے؟ یہ لندن فسادات کی بات تھی، کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں، بلوائیوں کی فہرست انٹرنیٹ پر دستیاب ہے جس میں ان کی عمریں اور جرم تک لکھا ہوا ہے۔ اب ذرا امریکی پارلیمنٹ پر چڑھ دوڑنے والوں کا حال بھی سن لیں۔ ان کی بھی ایک لمبی فہرست ہے لیکن ایک مثال سن لیں کہ ایک صاحب کو بہت زور کا انقلاب آیا ہوا تھا تو اس نے سپیکر نینسی کی کرسی پر پاؤں رکھ کر ایک تصویر بنوائی تاکہ سرغنہ سے داد وصول کریں، داد تو خیر کیا ملتی الٹا چار سال کے لیے جیل بھیج دیا گیا۔ اب ذرا ایک نظر پاکستان پر دوڑا لیں۔ یہاں بھی انقلاب آیا اور نازی ثانی کے اندھے عقیدت مند مختلف مقامات پر چڑھ دوڑے لیکن اس بار فرق یہ تھا کہ جنھوں نے انھیں چڑھنا سکھایا اس بار ان کے نازک آشیانے بھی ان فتنہ گروں کے ہتھے چڑھ گئے، پھر تاریخ نے عجیب منظر دیکھا کہ کہیں حساس مقامات کو روندا جا رہا ہے، کہیں گیٹ توڑے جا رہے ہیں، کہیں خواتین خانہ اور صاحبان خانہ کے کپڑے چوکوں چوراہوں پر لہرائے جا رہے ہیں، کہیں ملکی سلامتی کے ضامن نوجوانوں کو سڑک پر روک کر ڈنڈے دکھائے جا رہے ہیں اور کہیں ان کی گاڑیوں کے شیشے توڑے جا رہے ہیں، منظم سازش تھی کہ ان مقامات پر چڑھائی کرنی ہے تاکہ کچھ لاشیں مل جائیں اور پھر انھیں گدھوں کی طرح نوچا جائے لیکن جنرل عاصم منیر کی ذہانت کی وجہ سے ایسا کچھ نہ ہوا اور پھر سازش اور بغاوت میں شامل منصوبہ سازوں اور شراکت داروں کی گرفتاریاں شروع ہوئیں لیکن بجائے اس کے انھیں سزائیں ملتیں۔

شوبز SHOWBIZ

کیارا ایڈوانی کا لال سنگھ چڈھا کیلئے آڈیشن دینے کا انکشاف

انٹرویو کے دوران کیارا ایڈوانی نے بتایا کہ میں نے لال سنگھ چڈھا کے لیے آڈیشن دیا

ممبئی (شوبز نیوز) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ کیارا ایڈوانی نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان کی فلم لال سنگھ چڈھا کے لئے آڈیشن دیا تھا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق کیارا ایڈوانی نے ایک حالیہ انٹرویو میں انکشاف کیا کہ انہوں نے برسوں پہلے عامر خان کی فلم لال سنگھ چڈھا کے لیے آڈیشن دیا تھا، اگرچہ اداکارہ نے یہ نہیں بتایا کہ انہوں نے فلم میں کس کردار کے لئے آڈیشن دیا لیکن بظاہر یہ لیڈنگ رول کیلئے تھا جسے بعد میں معروف اداکارہ کرینہ کپور نے ادا کیا۔

پاکستان شوبز انڈسٹری کے دو مقبول ستارے ایک فریم میں آنے کو تیار

نجی انٹرٹینمنٹ چینل کی جانب سے ڈرامہ سیریل ”جینٹل مین“ کا اعلان کر دیا گیا

لاہور (شوبز نیوز) شہرت کی بلندیوں کو چھونے والی اداکارہ یمنیٰ زیدی اور پاکستانی شوبز انڈسٹری کے نامور اداکار ہمایوں سعید نجی ٹی وی کے ڈرامہ سیریل میں ایک ساتھ جلوہ گر ہوں گے۔ نجی انٹرٹینمنٹ چینل کی جانب سے ڈرامہ سیریل ”جینٹل مین“ کا اعلان کر دیا گیا جس میں اداکارہ یمنیٰ زیدی اور اداکار ہمایوں سعید پہلی بار ایک ساتھ سکرین پر نظر آئیں گے۔ حسام حسین کی ہدایت کاری میں بننے والے ڈرامے ”جینٹل مین“ کا سکرپٹ خلیل الرحمان قمر کا تحریر کردہ ہے جب کہ ڈرامے کو پروڈیوس ”ثمینہ ہمایوں سعید“ اور ”شاہنواز“ نے کیا ہے، تاہم ابھی تک ڈرامے کی مزید کاسٹ ممبرز کا اعلان سامنے نہیں آیا۔ نجی چینل کی جانب سے ڈرامہ سیریل کی پوسٹ پر صارفین اور یمنیٰ کے مداح خوشی کا اظہار کر رہے ہیں، ایک صارف نے لکھا کہ یمنیٰ کے لیے بہت ایکسائٹڈ ہوں، بیسٹ آف لک یمنیٰ اینڈ ہمایوں۔ ایک اور صارف کا کہنا تھا کہ کب سے یمنیٰ کے نئے ڈرامے کے انتظار میں ہوں مزید انتظار مشکل ہو رہا ہے، دیگر کئی صارفین بھی ڈرامے اور اس کی کاسٹ کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کر رہے ہیں۔ جب کہ ڈرامے کو پروڈیوس ”ثمینہ ہمایوں سعید“ اور ”شاہنواز“ نے کیا ہے، تاہم ابھی تک ڈرامے کی مزید کاسٹ ممبرز کا اعلان سامنے نہیں آیا۔ نجی چینل کی جانب سے ڈرامہ سیریل کی پوسٹ پر صارفین اور یمنیٰ کے مداح خوشی کا اظہار کر رہے ہیں۔

شہنشاہِ غزل مہدی حسن کی 96 ویں سالگرہ آج منائی جا رہی ہے

موسیقی کی تربیت اپنے والد استاد عظیم خان اور اپنے چچا استاد اسماعیل خان سے حاصل کی



لاہور (شوبز نیوز) شہنشاہِ غزل نے جو گایا امر کر دیا، 40 سال تک دنیائے موسیقی پر راج کرنے والے مہدی حسن کی آج 96 ویں سالگرہ منائی جا رہی ہے، ان کی لازوال گائیکی نے دنیا میں سروں سے محبت کرنے والوں کو گرویدہ بنا لیا۔ شہنشاہِ غزل مہدی حسن 18 جولائی 1927 میں متحدہ ہندوستان کی ریاست راجستھان کے گاؤں لونا میں پیدا ہوئے، ابتدائی تربیت گھر ہی میں ہوئی، خود ان کے بقول وہ کلاونت گھرانے کی 16 ویں پیڑھی سے تعلق رکھتے تھے۔ انہوں نے موسیقی کی تربیت اپنے والد استاد عظیم خان اور اپنے چچا استاد اسماعیل خان سے حاصل کی۔

شاہ رخ کا بطور تحفہ دیا گیا لیپ ٹاپ کبھی آن ہی نہیں ہوا: عامر خان

اداکار عامر خان نے حال ہی میں ٹیکنالوجی اور لیڈر شپ سمٹ میں شرکت کی، بھارتی میڈیا

ممبئی (شوبز نیوز) بالی وڈ کے اداکار عامر خان نے ایک مزاحیہ قصہ سناتے ہوئے بتایا کہ اداکار شاہ رخ خان نے انہیں ایک لیپ ٹاپ گفٹ کیا تھا جو کبھی آن ہی نہیں ہوا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اداکار عامر خان نے حال ہی میں ٹیکنالوجی اور لیڈر شپ سمٹ میں شرکت کی۔ اس موقع پر اداکار عامر خان نے انکشاف کیا کہ وہ ٹیکنالوجی سے اتنا آگاہ نہیں رکھتے تھے لیکن شاہ رخ خان انہیں ٹیکنالوجی کی طرف لے کر آئے، میرا ٹیکنالوجی سے دور دور تک کوئی تعلق نہیں تھا۔ تقریب میں انہوں نے ایک مزاحیہ قصہ سناتے ہوئے کہا کہ 1996 میں شاہ رخ خان اور میں امریکا اور برطانیہ میں ٹیکنالوجی پر ایک شو کر رہے تھے اور اس وقت شاہ رخ خان ٹیکنالوجی سے بہت واقف رہتے تھے۔

اداکار فیروز خان نے بچوں سے دوری کا ذمہ دار خود کو ٹھہرا دیا

لاہور (شوبز نیوز) اداکار فیروز خان نے بچوں سے دوری کا ذمہ دار خود کو ٹھہرا دیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان شوبز انڈسٹری کی جانی مانی شخصیت فیروز خان نے بچوں سے ملاقات کے ویڈیو جاری کر دی۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام کا رخ کرتے ہوئے اداکار نے ایک ویڈیو کلپ شیئر کیا جس میں انہیں اپنے دونوں بچوں کے ساتھ قیمتی لمحات گزارتے دیکھا جا سکتا ہے۔ ویڈیو میں فیروز خان اپنی بیٹی فاطمہ کو گود میں لیے ایک کرسی پر بیٹھے ہیں جب کہ بیٹا سلطان ساتھ ہی کھڑا کیمرے کے سامنے مسکرا رہا ہے۔ فیروز خان نے ویڈیو کے کیپشن میں لکھا۔

بھارتی کامیڈین سٹار ارشد وارثی نے ویلکم 3 کو جوائن کر لیا

ارشد وارثی کا کہنا تھا کہ ویلکم 3 روایتی زندگی سے ہٹ کر ایک الگ قسم کی میگا فلم ہو گی

ممبئی (شوبز نیوز) بالی وڈ کی مشہور کامیڈی فرنچائز ویلکم کے پارٹ 3 کیلئے ارشد وارثی نے سنجے دت اور اکشے کمار کو جوائن کر لیا۔ بھارتی میڈیا سے گفتگو میں ارشد وارثی کا کہنا تھا کہ ویلکم 3 روایتی زندگی سے ہٹ کر ایک الگ قسم کی میگا فلم ہو گی، فلم کی لاگت اور اختتام غیر حقیقی ہو گا اور یہ عام زندگی سے بڑھ کر شائقین کو محظوظ کرے گی۔ ارشد وارثی نے سلور اسکرین پر کم نظر آنے کی وضاحت دیتے ہوئے بتایا کہ انڈین سینما کا انداز اب تبدیل ہو گیا ہے اور اب یہاں زیادہ تر سپر ہیروز کی فلمیں بنائی جا رہی ہیں۔

اداکارہ ریشم نے اب تک شادی نہ کرنے کی وجہ بتا دی

وفاداری، عزت اور خلوص یہ وہ تین خصوصیات ہیں جو کہ ایک شریکِ حیات میں ہونی چاہئیں

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ ریشم نے اب تک شادی نہ کرنے کی وجہ بتا دی۔ اداکارہ ریشم نجی ٹی وی شو میں شریک ہوئیں جہاں انہوں نے مختلف موضوعات پر اپنے خیالات کا اظہار کیا، اداکارہ نے اب تک شادی کیوں نہیں کی، کیسے شخص کی تلاش ہے ریشم نے سب کچھ بیان کر دیا۔ ریشم کا کہنا تھا کہ وفاداری، عزت اور خلوص یہ وہ تین خصوصیات ہیں جو کہ ایک شریکِ حیات میں ہونی چاہئیں، میں شادی کے بارے میں سوچتی بھی ہوں اور میں شادی کرنا بھی چاہتی ہوں، لیکن میں جس طرح کے شخص سے شادی کرنا چاہتی ہوں ویسا شخص مجھے ابھی تک نہیں ملا اور میں نے تلاش بھی نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ مخلص، وفادار اور عزت دینے والا شخص کبھی تلاش کرنے سے نہیں ملتا بلکہ جب اللہ چاہے تب ہی ملتا ہے، شادی کبھی بھی میری خواہش پر نہیں ہو گی بلکہ جب نصیب میں لکھا ہو گا تب ہی ہو گی اور ہو سکتا ہے کہ یہ تاخیر اس لیے بھی ہو کہ شاید اللہ کو میرا دعائیں کرنا پسند ہو۔ اداکارہ کا مزید کہنا تھا کہ میں کسی ایسے شخص سے شادی نہیں کرنا چاہتی جس کے ساتھ رہنا مشکل ہو۔

سپورٹس SPORTS

قومی ٹیم آئندہ برس کیویز کیخلاف 10 ٹی 20 میچز کھیلے گی

پی سی بی، کے مطابق دونوں بورڈز باہمی مشاورت سے 10 میچز کے انعقاد پر راضی ہوئے ہیں

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ ٹیم آئندہ برس سال نیوزی لینڈ کیخلاف 10 ٹی 20 میچز کھیلے گی، میچز کا مقصد ٹی 20 ورلڈ کپ سے قبل قومی ٹیم کو بھرپور تیاری کا موقع فراہم کرنا ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ) پی سی بی (کے مطابق دونوں بورڈز باہمی مشاورت سے 10 میچز کے انعقاد پر راضی ہوئے ہیں، ان 10 میں سے 5 میچز جنوری میں نیوزی لینڈ اور 5 میچز اپریل میں پاکستان میں کھیلے جائیں گے۔ نیوزی لینڈ میں 5 ٹی 20 میچز 12 سے 21 جنوری کے درمیان ہوں گے، 12 جون کو آکلینڈ، 14 جون کو ہملٹن، 17 جون کو ڈیونیڈن جبکہ 19 اور 21 جون کو کرائسٹ چرچ میں میچز ہوں گے۔ پی سی بی کے مطابق اپریل میں پاکستان میں ہونے والے 5 میچز کا شیڈول بعد میں جاری کیا جائے گا، قومی ٹیم آسٹریلیا میں سیریز کھیلنے کے بعد براہ راست نیوزی لینڈ پہنچے گی۔ ان 10 میں سے 5 میچز جنوری میں نیوزی لینڈ اور 5 میچز اپریل میں پاکستان میں کھیلے جائیں گے۔ نیوزی لینڈ میں 5 ٹی 20 میچز 12 سے 21 جنوری کے درمیان ہوں گے، 12 جون کو آکلینڈ، 14 جون کو ہملٹن، 17 جون کو ڈیونیڈن جبکہ 19 اور 21 جون کو کرائسٹ چرچ میں میچز ہوں گے۔ پی سی بی کے مطابق اپریل میں پاکستان میں ہونے والے 5 میچز کا شیڈول بعد میں جاری کیا جائے گا، قومی ٹیم آسٹریلیا میں سیریز کھیلنے کے بعد براہ راست نیوزی لینڈ پہنچے گی۔

پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کے دورہ نیوزی لینڈ کا حتمی شیڈول تیار

پاک نیوزی لینڈ ویمنز ٹیمیں ٹی 20 میچز میں 3، 5 اور 9 دسمبر کو مدمقابل ہوں گی

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کے دورہ نیوزی لینڈ کو حتمی شکل دے دی گئی۔ ذرائع کے مطابق 3 ون ڈے اور 3 ٹی 20 میچز کی سیریز کے لیے قومی ویمن کرکٹ ٹیم دسمبر میں نیوزی لینڈ کا دورہ کرے گی۔ پاک نیوزی لینڈ ویمنز ٹیمیں ٹی 20 میچز میں 3، 5 اور 9 دسمبر کو مدمقابل ہوں گی جبکہ خواتین ٹیموں کے درمیان ایک روزہ میچز 12، 15 اور 18 دسمبر کو کھیلے جائیں گے، یہ تینوں ون ڈے میچز آئی سی سی ویمنز چیمپئن شپ کا حصہ ہیں۔ علاوہ ازیں پاکستان ویمنز ٹیم ستمبر میں جنوبی افریقہ اور اکتوبر میں بنگلا دیش سے بھی میچز کھیلے گی۔ پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کے دورہ نیوزی لینڈ کو حتمی شکل دے دی گئی۔ ذرائع کے مطابق 3 ون ڈے اور 3 ٹی 20 میچز کی سیریز کے لیے قومی ویمن کرکٹ ٹیم دسمبر میں نیوزی لینڈ کا دورہ کرے گی۔

ایشز سیریز: جیمز اینڈرسن کی چوتھے ٹیسٹ کیلئے ٹیم میں واپسی

لندن (سپورٹس نیوز) انگلینڈ نے اولڈ ٹریفورڈ میں آسٹریلیا کے خلاف ایشز سیریز کے چوتھے ٹیسٹ میچ میں اولی رابنسن کی جگہ جیمز اینڈرسن کو واپس بلا لیا۔ خیال رہے کہ آسٹریلیا کو سیریز میں 2-1 کی برتری حاصل ہے اس لیے انگلینڈ کو سیریز میں واپسی کے لیے میچ جیتنا ضروری ہے۔ انگلینڈ کی طرف سے سب سے زیادہ وکٹیں لینے والے اینڈرسن کو سیریز کے پہلے دو ٹیسٹ میچوں میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اور دونوں ہی میچز میں انگلش ٹیم شکست سے دوچار ہوئی۔ لنکا شائر کی جانب سے کھیلتے ہوئے کمر کی انجری سے واپسی کے بعد وہ ایجبسٹن اور لارڈز میں آسٹریلیا کے خلاف صرف تین وکٹیں لے سکے۔ انگلش ٹیم کی جانب سے چوتھے ٹیسٹ میچ کیلئے اعلان کردہ سکواڈ میں بین ڈکٹ، زیک کرولی، معین علی، جو روٹ، ہیری بروک، بین سٹوکس) کپتان (، جونی بیرسٹو) وکٹ کیپر (، کرس ووکس، مارک ووڈ، سٹورٹ براڈ اور جیمز اینڈرسن شامل ہیں۔ یاد رہے کہ انگلینڈ اور آسٹریلیا کے درمیان ایشز سیریز کا چوتھا ٹیسٹ میچ 19 جولائی) کل (سے شروع ہو گا۔ بین سٹوکس) کپتان (، جونی بیرسٹو) وکٹ کیپر (، کرس ووکس، مارک ووڈ، سٹورٹ براڈ اور جیمز اینڈرسن شامل ہیں۔ یاد رہے کہ انگلینڈ اور آسٹریلیا کے درمیان ایشز سیریز کا چوتھا ٹیسٹ میچ 19 جولائی) کل (سے شروع ہو گا۔

وارکشائر کا دو میچز کیلئے پاکستانی فاسٹ بالر میر حمزہ سے معاہدہ

30 سالہ میر حمزہ فرسٹ کلاس کرکٹ میں 379 وکٹیں حاصل کر چکے ہیں

لندن (سپورٹس نیوز) انگلش کاؤنٹی کرکٹ کلب وارکشائر نے اپنے اگلے دو کاؤنٹی چیمپئن شپ میچز کے لیے پاکستانی فاسٹ بالر میر حمزہ سے معاہدہ کر لیا۔ 30 سالہ میر حمزہ فرسٹ کلاس کرکٹ میں 379 وکٹیں حاصل کر چکے ہیں اور انہیں ہم وطن کھلاڑی حسن علی کی جگہ ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔ میر کل سے شروع ہونے والے لنکا شائر اور 25 جولائی کو مڈل سیکس کے خلاف ہوم گیمز کے لیے دستیاب ہوں گے۔ بائیں ہاتھ کے فاسٹ بالر حمزہ کے پاس کاؤنٹی کرکٹ کا سابقہ تجربہ ہے، انہوں نے 2019 میں سسیکس کی جانب سے سات میچز کھیلے اور 24 وکٹیں حاصل کی تھیں۔

ٹی 10 لیگ: پی سی بی کھلاڑیوں کو این او سی دینے سے گریزاں

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ بورڈ) پی سی بی) (ٹی 10 لیگ کیلئے کھلاڑیوں کو این او سی دینے گریزاں ہے۔ ذرائع کے مطابق 20 جولائی سے زمبابوے میں شروع ہونیوالی ٹی 10 لیگ میں شرکت کیلئے پاکستان کرکٹ بورڈ کی طرف سے ریٹائرمنٹ لینے والے کرکٹرز کو بھی این او سی جاری نہیں کیا جا رہا۔ متاثرہ کھلاڑیوں کا کہنا ہے کہ چیئرمین مینجمنٹ کمیٹی اس فارمیٹ کو پسند نہیں کرتے اس لیے این او سی نہیں دے رہے۔

گال ٹیسٹ: سعود شکیل کے 150 رنز مکمل، قومی ٹیم کو سری لنکا پر برتری

گال ٹیسٹ کے تیسرے روز دن کے آغاز پر سعود شکیل نے سنچری مکمل کی

گال (سپورٹس نیوز) پاکستان اور سری لنکا کے درمیان گال میں کھیلے جانے والے پہلے ٹیسٹ میں سعود شکیل کی سنچری کی بدولت قومی ٹیم کو سری لنکا پر برتری حاصل ہو گئی ہے۔ گال میں میچ بارش کے باعث تاخیر سے شروع ہوا، پاکستان نے پہلی اننگز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر 389 رنز بنا لیے ہیں اور قومی ٹیم کو سری لنکا پر 77 رنز کی برتری حاصل ہے۔ گال ٹیسٹ کے تیسرے روز دن کے آغاز پر سعود شکیل نے سنچری مکمل کی جبکہ آغا سلمان 83 رنز بنا کر ان کا ساتھ چھوڑ گئے، سعود شکیل نے 129 گیندوں پر سنچری مکمل کی ہے، اس وقت کریز پر نسیم شاہ اور سعود شکیل موجود ہیں۔

ایشیا کپ شیڈول کے معاملات طے: فائنل کو بارش سے بچانے کیلئے ریزرو ڈے مختص

لاہور (سپورٹس نیوز) ایشین کرکٹ کونسل) اے سی سی (اگلے ماہ پاکستان اور سری لنکا میں ہونے والے ایشیا کپ کے شیڈول کا اعلان کل کرے گا۔ براڈ کاسٹرز اور سپانسرز کو اعتماد میں لینے کے بعد ٹورنامنٹ کے میچز کی تاریخیں اور مکمل پروگرام کا اعلان کیا جائے گا، ایشیا کپ کا آغاز پاکستان سے ہو گا۔ ایشیا کپ پی سی بی کے جانب سے پیش کردہ ہائبرڈ ماڈل کے تحت ہو رہا ہے جس کے ابتدائی 4 میچز پاکستان میں جبکہ باقی 9 میچز سری لنکا میں ہوں گے۔ اب ذرائع کا کہنا ہے کہ دبئی میں ہونے والی میٹنگ میں یہ فیصلہ ہو گیا ہے کہ پاکستان کے چاروں میچ لاہور اور ملتان میں ہوں گے، سری لنکا میں 9 میں سے 2 میچ سینٹرز دمبولا اور پالے کیلے میں ہوں گے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اجلاس میں طے پایا ہے کہ فائنل کو بارش سے بچانے کیلئے ریزرو ڈے رکھا گیا ہے۔ ایشیا کپ پاکستان میں 31 اگست سے شروع ہو گا جو 17 ستمبر تک کھیلا جائے گا۔

آئی سی سی کے نئے فنانشل اور ڈسٹری بیوشن ماڈل میں پاکستان کو کتنی رقم ملے گی؟

دبئی (سپورٹس نیوز) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل) آئی سی سی (کا نیا فنانشل اور ڈسٹری بیوشن ماڈل منظور کر لیا گیا۔ فنانشل ماڈل میں پاکستان کرکٹ بورڈ کو پہلے سے دوگنا زیادہ رقم ملے گی، پاکستان آئی سی سی سے پیسے ملنے والے چار سر فہرست ملکوں میں شامل ہے۔ ترجمان پی سی بی کا کہنا ہے کہ فنانشل ماڈل میں پاکستان کرکٹ بورڈ کو پہلے سے دوگنا زیادہ رقم ملے گی، یہ رقم ملک میں کرکٹ کے فروغ اور ترقی پر خرچ کی جائے گی۔

ویمنز ایشز: کینگروز کی دوسرے ون ڈے میں انگلش ٹیم کو شکست

آسٹریلوی ٹیم کی طرف سے ایشلی گارڈنر اور الانا کنگ نے تین، تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا

ساؤتھمپٹن (سپورٹس نیوز) آسٹریلیا اور انگلینڈ کی ویمن ٹیموں کے درمیان جاری ایشز سیریز کے دوسرے ون ڈے میں مہمان ٹیم نے میزبان ٹیم کو 3 رنز سے شکست دے کر سیریز 1-1 سے برابر کر دی۔ ساؤتھمپٹن میں کھیلے گئے تین میچوں پر مشتمل ون ڈے سیریز کے دوسرے میچ میں آسٹریلوی ویمن ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 282 رنز بنائے اور برطانوی ٹیم کو کامیابی کے لئے 283 رنز کا ہدف دیا، ایلیسی پیری نے 91 اور اینابیل سدرلینڈ نے 50 رنز کی اننگز کھیلیں۔ انگلینڈ کی جانب سے لارن بیل اور سوفی ایکلسٹن نے عمدہ بالنگ کرتے ہوئے 3، 3 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ جواب میں برطانوی ٹیم اعصاب شکن مقابلے کے بعد مطلوبہ 283 رنز ہدف کے تعاقب میں مقررہ 50 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 279 رنز بنا سکی، برنٹ نے 111 رنز کی عمدہ اننگ کھیلی تاہم وہ اپنی ٹیم کو فتح نہ دلا سکیں۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
19 جولائی 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 19 جولائی 2023ء، صبح 08:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک اسلام آباد سرکل، کامسٹ، چھٹہ بختاور، پارک انکلیو، لہتراڑ، ترامڑی، آئی ایس آئی، رہاڑہ، پی ایچ اے، کری روڈ، سی ایم پاک زونگ، آئیسولیشن ہسپتال فیڈرز، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک اسلام آباد سرکل، I-11/1، I-11/3، I-11/3، میٹرو فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، آئی ایس ٹی، نیو رواٹ، قریشی آباد، گرجا-I، حیال، مورت، رنیال، گلستان فاطمہ، کوہالہ، رحمت آباد-I فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، پنڈ ہون، I-14/3، نون، I-16-I، ایچ پی ٹی (ریڈیو پاک)، لکھو روڈ، امیر حمزہ، آفیسر کالونی، نوگزی، بجنیال، نیو ملپور، F-17/1، F-17/2، نوگزی لنج فیڈرز، چکوال سرکل، بشارت فیڈر، اٹک سرکل، شکردرہ، غور غشتی، بارہ زئی، مسکین آباد، شاہ ڈیر، ریڈیو پاک-I&II، لارن پور، قاضی آباد، جی بی ایچ پی کالونی فیڈرز، جہلم سرکل، ایف تھری (گل افشاں)، بکرالہ فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

تو مدد کے لیے تیار ہیں۔

بقیہ 2

کے اعزاز میں آج عشائیہ دیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق عشائیے کیلئے اسلام آباد میں موجود غیر ملکی سفارت کار دفتر خارجہ پہنچیں گے، وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری عشائیہ میں غیر ملکی سفارت کاروں سے خطاب بھی کریں گے۔

بقیہ 3

سیکرٹریٹ میں اجلاس ہوا، اجلاس میں آٹا اور چینی کی قیمتیں کنٹرول کرنے کیلئے لائحہ عمل کا جائزہ لیا گیا، اس موقع پر چیف سیکرٹری نے کہا کہ آٹا اور چینی کی مقررہ سے زائد نرخوں پر فروخت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اشیا کی مصنوعی قلت پیدا کر کے صارفین کو لوٹنے والوں سے سختی سے نمٹا جائے گا، انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ موثر انتظامی اقدامات کے ذریعے آٹا اور چینی کی قیمتوں میں استحکام لایا جائے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ اشیا کی قیمتوں کے ساتھ ان کی طلب اور رسد پر بھی کڑی نظر رکھی جائے، ذخیرہ اندوزوں کیخلاف کارروائی کیلئے سپیشل برانچ انتظامیہ کو معاونت فراہم کرے گی۔ سیکرٹری خوراک نے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دی کہ صوبہ میں گندم اور چینی کے وافر سٹاک موجود ہیں، اجلاس میں صنعت اور خزانہ کے محکموں کے سیکرٹریز، ڈائریکٹر فوڈ پنجاب اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 4

کو 175 ارب روپے نقصان پہنچانے کے الزامات تھے، نیب کے نئے قانون کے تحت منصوبوں کیخلاف انکوائری بند کرنے کی منظوری دی گئی۔ دونوں منصوبوں کا ریکارڈ وزارت توانائی کے حوالے کرنے کیلئے خط لکھ دیا گیا، واضح رہے پورٹ قاسم منصوبے سے 60 ارب روپے جبکہ ساہیوال کول پاور منصوبے سے سالانہ 115 ارب روپے قومی خزانے کو نقصان پہنچانے کا الزام تھا۔

بقیہ 5

نے کہا کہ یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے، میں اگر سفارتی آداب کا خیال رکھتا تو شاید نام نہ لیتا لیکن دل یہ کہتا ہے کہ جس نے احسان کیا ہو، اس کو یاد رکھا جائے، میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر بڑھ رہے ہیں لیکن دعا کریں کہ قرضوں سے نہیں، قوم کی اپنی محنت، کمائی اور قربانی سے بڑھیں۔

شہباز شریف کا کہنا تھا کہ جس طرح بچوں نے مختلف کھیلوں کے میدان میں گولڈ میڈل لیے، میں سمجھتا ہوں کہ اس سے ہمیں سبق اور ہمت حاصل کرنی چاہیے، یقین دلاتا ہوں کہ اگر اللہ تعالیٰ نے ہمیں آئندہ موقع دیا تو قوم کے ان کروڑوں بچے اور بچیوں کی تعلیم، ان کی ووکیشنل ٹریننگ اور ان کے کھیل کود کے میدان بنانے اور سجانے میں جتنے بھی وسائل مہیا کر سکے کریں گے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پورے پاکستان میں کروڑوں نوجوان اس قابل ہیں کہ ان کو مواقع میسر کیے جائیں، اس بجٹ میں 5 ارب روپے نوجوانوں کیلئے رکھے گئے ہیں، امید ہے نئی آنے والی حکومت اس بجٹ میں مزید اضافہ کرے گی۔

بقیہ 6

وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی و دیگر کی عدالتی دائرہ اختیار سے متعلق درخواستوں پر فیصلہ پھر موخر کر دیا ہے۔ عدالتی عملے کے مطابق جج محمد بشیر کی رخصت کے باعث کیس کی کارروائی ملتوی کی گئی ہے۔ چار اگست کو نیب آرڈیننس کے تحت دائر درخواستوں پر فیصلہ سنایا جائے گا۔ درخواست دائر کرنے والوں میں شیخ عمران الحق، آغا جان اختر، سعید احمد خان، عبدالصمد داد اور چوہدری محمد اسلم ملزمان شامل ہیں۔ ملزمان نے درخواست میں موقف اپنایا ہے کہ نیب آرڈیننس کے تحت یہ ریفرنس اس عدالت کا دائرہ اختیار نہیں بنتا۔ شاہد خاقان عباسی اور ان کے بیٹے عبداللہ شاہد نے نیب آرڈیننس کے تحت درخواست دائر نہیں کی تھی۔

بقیہ 7

سپریم کورٹ 3 اہم کیسز کی سماعت کرنے جا رہی ہے جو پاکستان کی سیاست اور سیاست دانوں کا رخ موڑ سکتے ہیں، آنے والے دنوں میں سیاست پر گہرے اثرات چھوڑ سکتے ہیں اور نت نئے سیاسی تجربات میں رکاوٹ کا باعث بن سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب تک اسمبلیاں ٹوٹ نہ جائیں، نگران حکومت آ نہ جائے، الیکشن کمیشن تاریخ نہ دے دے، تب تک الیکشن کا وقت پر ہونا یا وقت پر نہ ہونا سوالیہ نشان ہے۔ شیخ رشید نے کہا کہ جو لوگ ایک دوسرے کو رسہ ڈال کر گلیوں اور بازاروں میں گھسیٹنے کی باتیں کرتے تھے وہ اپنے کیسز ختم کروانے کیلئے اکٹھے ہوئے ہیں، جس طرح پنجاب اور خیبر پختونخوا میں نگران حکومتیں بنائی گئیں، جس طرح کراچی کا الیکشن ہوا، جو کچھ کشمیر اور گلگت بلتستان میں کھیل کھیلا گیا، وہ لمحہ فکریہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگلے الیکشن کا فیصلہ پاکستان کے نوجوانوں کے ہاتھ میں آ گیا ہے اور نوجوان نسل الیکشن کے ساتھ ہاتھ نہیں ہونے دے گی، نوجوان جس جوش و جذبے سے پولنگ بوتھ کی طرف جائیں اس کا عقل کے اندھوں کو اندازہ نہیں، نوجوان کا ووٹ ہی کسی کا الیکشن بنائے گا اور کسی کا بگاڑے گا۔ سابق وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ جب آٹا 160 روپے کلو، چینی 150 روپے کلو اور پیک آور میں بجلی کا بنیادی ریٹ 50 روپے ہوگا تو لیپ ٹاپ بیچارہ کیا کرے گا

بقیہ 8

پر بات چیت ہوئی۔ نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے وزیر اعظم شہباز شریف کو سرکاری ملازمین کی تنخواہوں کے معاملے کو دوبارہ کابینہ میں لے جانے کی یقین دہانی کروا دی

بقیہ 9

بخشا۔ بیشتر تصاویر زیر حراست شرپسندوں کے موبائل فونز سے فرانزک کے دوران برآمد ہوئیں۔ پاک امارات ہسپتال کی عمارت کو نقصان اور ملحقہ سٹینڈ بائے جنریٹر روم کو آگ لگائی گئی جبکہ بجلی منقطع ہونے سے ایمرجنسی میں تشویشناک حالت میں مریض، وینٹیلیٹرز اور بچوں کے انکیوبیٹرز بھی بند ہوگئے۔ سی ایس ڈی لاہور سے احتجاج کے بہانے لاکھوں روپے کیش بھی لوٹ لیا گیا، عسکری تاریخ اور جنگوں میں پاک فوج کی یونٹوں کا ریکارڈ رکھنے والے ادارے پر دھاوا بول کر ریکارڈ بھی جلا دیا گیا۔ چکدرہ قلعے پر حملے کے بعد پورے قلعے، ریکارڈ اور گاڑیوں کو بھی نذر آتش کیا گیا، لیفٹیننٹ سجاد عالم شہید کی یادگار پر تصویر کو جلا کر چیئرمین پی ٹی آئی زندہ باد لکھ دیا گیا۔

بقیہ 10

کے مطابق 12 رکنی کابینہ 4 سینئر وزیر اور 8 وزرا پر مشتمل ہے۔ کابینہ میں پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ کے دو دو جبکہ جمعیت علمائے اسلام کا ایک وزیر لیا گیا ہے۔ 7 وزراء تحریک انصاف کے فارورڈ بلاک کے شامل ہیں جبکہ کابینہ میں ایک خاتون وزیر کو بھی شامل کیا گیا ہے۔

بقیہ 11

اسسٹنٹ ڈائریکٹر ہارون دانش کی یاد میں منعقدہ خصوصی دعائیہ نشست بھی شامل تھی۔ وزیر نے سیکرٹری ڈبلیو ڈبلیو ایف ذوالفقار احمد، ڈائریکٹر وسیم وڑائچ اور دیگر اعلی افسران کے ہمراہ دعا میں شرکت کی اور مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کے لیے دعا کی۔

بقیہ 12

کے ویزہ مسائل کو جلد حل کرنے کی یقین دہانی کرواتے ہوئے کہا کہ پاکستانی کمیونٹی اٹلی میں قابل تعریف کردار ادا کر رہی ہے، اٹلی میں پاکستانی افرادی قوت کی کافی زیادہ مانگ ہے، سفیر نے پاکستانی پولیس اور سکیورٹی فورسز کی بھی تعریف کی۔

بقیہ 13

سربراہی میں جسٹس اعجاز الاحسن، جسٹس منیب اختر، جسٹس یحییٰ آفریدی، جسٹس سید مظاہر علی اکبر نقوی اور جسٹس عائشہ اے ملک پر مشتمل 6 رکنی لارجر بنچ نے مذکورہ درخواستوں پر سماعت کی۔ عابد زبیری کے دلائل سماعت کے آغاز پر صدر سپریم کورٹ بار عابد زبیری روسٹرم پر آ گئے، انہوں نے عدالت سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ میں نے ایک متفرق درخواست دائر کی ہے، اس پر چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ عابد زبیری نے کہا کہ میں نے تحریری جواب جمع کرا دیا ہے، سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کی نمائندگی کر رہا ہوں، میری 5 معروضات ہیں، چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ آپ بات کر سکتے ہیں، جو بولنا ہے بتائیے، آپ کی رائے آنا اچھا ہوگا۔ عابد زبیری نے کہا کہ آرٹیکل 183 اے کے تحت سویلینز کا ٹرائل فوجی عدالتوں میں نہیں ہوسکتا، عدالت کی توجہ سپریم کورٹ کے فیصلوں کی جانب دلانا چاہتا ہوں، 1999 میں سپریم کورٹ میں لیاقت حسین کیس سے اصول طے ہے کہ فوجی عدالتوں میں سویلین کا ٹرائل نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جسٹس اجمل میاں کے فیصلے کے مطابق صرف فوجی اہلکاروں کا فوجی عدالتوں میں ٹرائل ہوسکتا ہے، فیصلے میں کہا گیا کہ آرمی ایکٹ کے تحت سویلنز کے ٹرائل کے لیے آئینی ترمیم درکار ہوگی۔ عابد زبیری نے کہا کہ اکیسویں آئینی ترمیم کے خلاف درخواستوں پر فیصلے میں عدالت نے جوڈیشل ریویو کی بات کی تھی، بنیادی نقطہ یہ ہے کہ جو الزامات ہیں ان سے ملزمان کا تعلق کیسے جوڑا جائے گا، اس معاملے پر عدالتوں کے فیصلے موجود ہیں، عدالتیں کہہ چکی ہیں کہ ملزمان کا براہ راست تعلق ہو تو ہی فوجی عدالتوں میں ٹرائل ہوسکتا ہے، سوال ہے کہ کیا آئینی ترمیم کے بغیر سویلینز کا فوجی عدالتوں ٹرائل ہوسکتا ہے۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے ریمارکس دیے کہ اپنا موقف واضح کریں کہ کیا ملزمان کا تعلق جوڑنا ٹرائل کے لیے کافی ہوگا؟ کیا آئینی ترمیم کے بغیر سویلینز کا ٹرائل ہو ہی نہیں سکتا؟ عابد زبیری نے کہا کہ سویلینز کا فوجی عدالتوں میں ٹرائل آئینی ترمیم کے بغیر نہیں ہوسکتا، چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ آپ کہہ رہے ہیں ملزمان کا تعلق ٹرائل کے لیے پہلی ضرورت ہے؟ آپ کے مطابق تعلق جوڑنے اور آئینی ترمیم کے بعد ہی سویلینز کا فوجی عدالتوں میں ٹرائل ہوسکتا ہے؟ جسٹس اعجاز الاحسن نے ریمارکس دیئے کہ لیاقت حسین کیس میں آئینی ترمیم کے بغیر ٹرائل کیا گیا تھا، فوج سے اندرونی تعلق ہو تو کیا پھر آئینی ترمیم کی ضرورت نہیں؟ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ کیا آپ اپنے موقف کو خلاصہ میں بیان کر سکتے ہیں، اگر ملزمان کا تعلق ثابت ہو جائے تو پھر کیا ہوگا؟ عابد زبیری نے کہا کہ گزارش یہ ہے کہ موجودہ صورتحال میں یہ ٹرائل آئینی ترمیم سے ہی ممکن ہے، 9 مئی پر کچھ لوگوں پر آفیشل سیکرٹ ایکٹ لاگو ہوا کچھ پر نہیں، اگر آپ نے خصوصی ٹرائل کرنا ہے تو آئینی ترمیم سے خصوصی عدالت بنانا ہی ہوگی۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ خصوصی عدالت سے مراد آپ کی وہ عدالت ہے جو ہائی کورٹ کے ماتحت ہو؟ عابد زبیری نے جواب دیا کہ فوجی عدالتوں میں ٹرائل چلانے والے جوڈیشل نہیں ایگزیکٹو اراکین ہوتے ہیں، ٹرائل کے بعد ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ میں جوڈیشل ری ویو ملنا چاہیے، اکیسویں آئینی ترمیم ایک خاص مدت کے لیے تھی، آرٹیکل 175/9 کے تحت سویلنز کے فوجی عدالتوں میں ٹرائل کے لیے ترمیم ضروری ہے۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ اگر ملزمان کا اندرون تعلق ثابت ہو جائے تو کیا ہوگا؟ عابد زبیری نے جواب دیا کہ موجودہ حالات میں ٹرائل کے لیے خاص ترمیم کرنا ہوگی، کچھ ملزمان کو چارج کیا جا رہا ہے کچھ کو نہیں، ہمیں معلوم نہیں کہ ملزمان کے فوج عدالتوں میں مقدمات چلانے کا پیمانہ کیا ہے، فوجی عدالتوں میں مقدمات سننے والے جوڈیشل کی بجائے ایگزیکٹو ممبران ہوتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ 21 ویں اور 23 ویں ترامیم خاص مدت کے لیے تھیں، 21 ویں ترمیم کے بعد سپریم کورٹ نے اجازت تو دی لیکن سپریم کورٹ ہائی کورٹ میں ریویو کا اختیار بھی دیا، سپریم کورٹ نے دائرہ اختیار یا اختیارات سے تجاوز بدنیتی کی بنیاد پر جوڈیشل ریویو کا اختیار دیا۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے استفسار کیا کہ کیا آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ پہلے پولیس گرفتار کر کے عام عدالتوں میں فرد جرم لگوائے پھر معاملہ ملٹری کورٹس جائے؟ عابد زبیری نے کہا کہ قانون میں ملزم کا لفظ ہی ہے جب تک فرد جرم عائد نہ ہو بندہ مجرم نہیں ہوتا۔ جسٹس یحییٰ آفریدی نے استفسار کیا کہ آپ کہہ رہے ہیں کہ کیس پہلے عام عدالت میں چلے پھر ملٹری کورٹس جا سکتا ہے؟ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ لیاقت حسین کیس میں کہا گیا ملٹری اتھارٹیز تحقیقات کر سکتی ہیں سویلین کا ٹرائل نہیں۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے استفسار کیا کہ یہ فیصلہ کون کرے گا کس پر آرمی ایکٹ لگے گا کس پر نہیں؟ عابد زبیری نے جواب دیا کہ تحقیقات کرنا پولیس کا کام ہے، پولیس ہی فیصلہ کرے گی۔ عابد زبیری نے مختلف امریکی عدالتی فیصلوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی فوج کی جانب سے حراست بھی غیر قانونی ہے۔ اٹارنی جنرل کے دلائل دریں اثنا سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر عابد زبیری نے اپنے دلائل مکمل کر لیے جس کے بعد اٹارنی جنرل منصور عثمان اعوان نے دلائل کا آغاز کیا۔ جسٹس منیب اختر نے استفسار کیا کہ سوال یہ ہے کہ سویلینز پر آرمی ایکٹ کا اطلاق کیسے ہوسکتا ہے؟ اٹارنی جنرل نے فل کورٹ کی تشکیل سے متعلق دلائل دینے کا آغاز کرتے ہوئے کہا کہ درخواست گزاروں کے وکیل نے ایف بی علی اور 2 مزید فیصلوں پر بات کی، عدالت کے سامنے اکیسویں آئینی ترمیم اور لیاقت حسین کیس کو بھی زیر بحث لایا گیا، لیاقت حسین کیس میں 9 رکنی بنچ تھا، میں عدالت کے 23 جون کے حکمنامے کو پڑھوں گا۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ اس بات کی خوشی ہے کہ آرمی کے زیر حراست افراد کو خاندان سے ملنے دیا جا رہا ہے۔ اٹارنی جنرل نے عدالت میں جسٹس یحییٰ آفریدی کا نوٹ پڑھا، انہوں نے کہا کہ جسٹس یحییٰ آفریدی نے اپنے نوٹ میں فل کورٹ تشکیل دینے کا کہا، جسٹس یحییٰ آفریدی کے نوٹ میں دیگر بنچ اراکین کے بنچ پر اعتراض کا تذکرہ کیا گیا

بقیہ 14

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد کے جج قدرت اللہ نے گزشتہ روز محفوظ کیا گیا فیصلہ سنایا۔ عدالت نے عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو 20 جولائی کے لیے نوٹس جاری کر دیا۔ درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ چیئرمین پی ٹی آئی سے نکاح کے وقت بشریٰ بی بی کی عدت مکمل نہیں ہوئی تھی، چیئرمین پی ٹی آئی کا نکاح لاہور میں ہوا لیکن دونوں بنی گالا میں رہ رہے تھے، دونوں نے پہلے نکاح کے بعد کافی وقت بنی گالا میں گزارا۔ خیال رہے کہ نکاح خوان مفتی محمد سعید نے نکاح سے متعلق بیان 18 جنوری 2023 کو دیا تھا۔ اپنے بیان میں مفتی سعید نے کہا تھا کہ جنوری 2018 میں لاہور ڈیفنس میں عمران خان اور بشریٰ بی بی کا نکاح پڑھایا، عون چوہدری اور ذلفی بخاری بطور دو گواہان نکاح کی تقریب میں شریک ہوئے۔ مفتی سعید نے بیان میں کہا کہ انہوں نے نکاح سے قبل دریافت کیا کہ بشریٰ بی بی شرعی طور پر نکاح کے قابل ہیں یا نہیں، بشریٰ بی بی کے ہمراہ موجود خواتین کا جواب ملنے کے بعد ان کا نکاح عمران خان سے پڑھا دیا۔ مفتی سعید نے بتایا کہ بعد میں مختلف ذرائع سے معلوم ہوا کہ بشریٰ بی بی نے سابقہ شوہر سے طلاق کے بعد عدت پوری نہیں کی جس کے بعد انہوں نے ایک ماہ بعد عمران خان اور بشریٰ بی بی کو دوبارہ طلب کیا اور بشریٰ بی بی کا شرعی طور پر عدت پوری ہونے کے بعد دوبارہ نکاح پڑھایا

بقیہ 15

بے بنیاد اور من گھڑت ہے جبکہ اشتہر کے مندرجات وفاقی حکومت کی جانب سے جاری کردہ پالیسی رہنما اصولوں کے خلاف ہیں۔ اصل حقائق یہ ہیں کہ پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں پر 28 جولائی 2020 کو کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کے منظور کردہ فارمولے کے مطابق سختی سے کام کیا گیا اور اس کے مطابق پیٹرول کی قیمتوں میں فی لٹر 9 روپے 20 پیسے کی کمی کی گئی ہے۔ جبکہ ڈیزل کی قیمتوں میں 7 روپے فی لیٹر کی کمی کی گئی۔ قیمتوں میں یہ کمی 16 جولائی 2023 کو عام لوگوں کو منتقل کر دی گئی۔ ای سی سی کے مذکورہ فیصلے میں کہا گیا کہ پی ایس او کے پریمیم، فریٹ یا پچھلے پندرہ دن کے ذخائر کی عدم دستیابی کی صورت میں، پی ایس او کے پچھلے مہینے دستیاب ذخائر آئندہ پندرہ دن کے لیے قابل اطلاق ہوں گے۔ اس کے مطابق، پی ایس او کے پچھلے مہینے دستیاب ذخائر کو قیمتوں کے حساب میں شامل کیا گیا، تاہم، یکم جولائی سے 31 دسمبر، 2023 کی مدت کے لیے لاگو ہونے والا ڈیزل پریمیم 29 مء 2023 سے پی ایس او کو US$4.20/bbl پر دستیاب تھا جیسا کہ پی ایس او اور کویت پیٹرولیم کمپنی کے درمیان جی ٹو جی معاہدے کے تحت باہمی رضامندی سے طے ہوا تھا۔ اس لیے ای سی سی کے فیصلے کا اطلاق مکمل طور پر کیا گیا ہے اور قیمتوں کے تعین کے طریقہ کار کے ساتھ ساتھ سپلائی میں رکاوٹ کے بارے میں تیل کی صنعت کے دعوے بے بنیاد اور ناقابل قبول ہیں۔

بقیہ 16

خلاف تھانہ مندرہ میں مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ 17

رکھنے والا روز محشر آقا علیہ اسلام کی شفاعت سے محروم رہے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سنی علماء کونسل کے ذمہ داروں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ سیدنا امام حسینؓ سے محبت ہمارے ایمان کی بنیاد ہے جو شخص سیدنا امام حسینؓ اور ان کے گھرانے سے بغض رکھتا ہے وہ کسی صورت مسلمان اور مومن کہلانے کا حقدار نہیں ہے اللہ نے اپنے محبوب ﷺ کے ایک ایک صحابی کو دنیا میں ہی جنتی ہونے کا سرٹیفکیٹ دے دیا ہے جو بھی صحابہ اکرامؓ سے بغض رکھے گا قیامت کے روز محسن انسانیت ﷺ کی شفاعت سے محروم رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ سنی علماء کونسل یکم محرم الحرام کو پورے ملک میں یوم شہادت فاروق اعظمؓ کے طور پر منائے گی اور پورے میں ملک جلسے جلوس اور تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا جس میں سیدنا فاروق اعظمؓ اور امام حسینؓ کی سیرت اور کردار بارے تقاریر کی جائیں گی۔ ریاستی سکیورٹی ادارے سنی علماء کونسل کی تقریبات کو بھی فول پروف سکیورٹی مہیا کریں۔

بقیہ 18

وفاقی حکومت کی حکم امتناع ختم کرنے کی متفرق درخواست منظور کر لی۔ عدالتی فیصلے کے بعد ایف آئی اے کو سائفر کے معاملے پر تحقیقات کی اجازت مل گئی ہے

بقیہ 19

بڑھنے کی شرح لائن سپرنٹینڈنٹ کی عدم تعیناتی کی وجہ سے ہے ایس ڈی سے دفتری معاملات سنبھالے یا فیلڈ میں کام کرے صارفین نے اعلی افسران سے فوری طور پر لائن سپرٹینڈنٹ کی تعیناتی کو یقینی بنایا جائے

بقیہ 20

ین ایز، ایم پی ایز اور سینیٹرز کو تفصیلی خط لکھا دیا ہے۔ ارکان اسمبلی نے چیف سیکریٹری، آئی جی پولیس، کمشنرز اور اضلاع کے پولیس افسران کو خط لکھا ہے جس میں 56 ارکان اسمبلی کے دستخط ہیں۔ خط میں کہا گیا ہے کہ نگراں حکومت کا کام صاف شفاف الیکشن کروانا ہے لیکن نگراں حکومت صرف پی ٹی آئی کو انتقام کا نشانہ بنا رہی ہے، نگراں حکومت کی انتقامی کارروائیوں سے آئندہ انتخابات مشکوک ہوں گے، آئندہ انتخابات صاف وشفاف نہیں رہیں گے۔ پی ٹی آئی ارکان نے خط میں لکھا کہ سرکاری افسران اور پولیس افسران سول سرونٹ ہیں، سپریم کورٹ کا فیصلہ بھی ہے کہ سول سرونٹ آئین وقانون پر عمل کے پابند ہیں۔ انہوں نے مزید لکھا کہ ہم معزز اور قانون پر عمل درآمد کرنے والے شہری ہیں لیکن ہمارے گھروں کی چادر و چار دیواری کا تقدس پامال کیا جا رہا ہے، ہمارے گھروں کی خواتین، بچے اور بزرگ خوف کا شکار ہو رہے ہیں۔ پولیس کی جانب سے ایسی کارروائیاں پختون روایات کے خلاف ہیں

بقیہ 21

ہے۔ اللہ تعالی طارق فضل چودھری اور ان کے خاندان کو اس مشکل گھڑی میں صبر جمیل عطا فرمائے اور مرحوم کے درجات بلند کرے۔

بقیہ 22

کے رہائشی عثمان ساکن بھائی خان نے رفیق ولد معراج دین ساکن لاہور کینٹ کو بطور ادھار 18 لاکھ روپے دیے جس کی واپسی کے لیے رفیق نے عثمان کو ایک عدد چیک مالیتی 18 لاکھ دیا مقررہ مدت پر چیک بنک میں جمع کروایا گیا مگر اکاؤنٹ میں رقم نہ ہونے کی بنا پر چیک ڈس آنر ہو گیا ساتھ ہی رفیق نامی شخص نے اپنا فون نمبر بھی بند کر دیا متاثرہ شہری نے تھانہ گوجرخان میں مقدمہ نمبر 951/23 درج کروا دیا جبکہ تھانہ جاتلی کی حدود میں دلی گوجرخان کے رہائشی کامران اور دیگر کو ناکہ لگائے ڈکیتوں نے لوٹ لیا ڈکیتوں نے متاثرین سے رقم مبلغ 79500 اور موبائل فونز و کاغذات چھین لیے جبکہ تھانہ جاتلی کی حدود میں ایک اور ڈکیتی کی واردات میں عرفان نامی شخص سے ڈکیتوں نے مبلغ رقم 1 لاکھ 10 ہزار چھین لیے جبکہ تھانہ جاتلی کی حدود میں ایک واردات میں نامعلوم چور گھر کے باہر سے کھڑا موٹر سائیکل لے اڑے پولیس تھانہ جاتلی نے تمام وارداتوں کے مقدمات درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا تھانہ مندرہ کی حدود میں نامعلوم موٹر سائیکل لفٹر گھر سے باہر کھڑا موٹر سائیکل لے اڑے ایک اور واردات میں تھر جبال میں گھر سے نامعلوم چور تالے توڑ کر ساڑھے 4 لاکھ نقدی اور دو موبائل فونز لے اڑے پولیس تھانہ مندرہ نے متاثرین کی مدعیت میں مقدمات درج کر لیے

بقیہ 23

ابھی کوئی حتمی فیصلہ نہیں ہوا۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ قومی اسمبلی کی تحلیل کے بعد کسی بھی ایڈونچر سے پرہیز کیا جائے، اگر ایڈونچر ہوگا تو یقیناً اس کا ردعمل بھی ہوگا، اسٹیبلشمنٹ اور سیاستدان اپنی غلطیوں سے سیکھ رہے ہیں، امید ہے یہ بھی ان غلطیوں سے سیکھے گی، پاکستان کو تباہی کے گڑھے سے نکالا ہے جس کو چیئرمین پی ٹی آئی پھینک گئے تھے، ملک کو کسی قسم کی محاذ آرائی کی نہیں یکجہتی کی ضرورت ہے۔ اسی طرح وزیر اعظم کے مشیر اور مرکزی رہنماء پیپلز پارٹی قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ غیر سیاسی شخصیت کو نگران وزیر اعظم لگانے کی مخالفت کریں گے، نگران وزیر اعظم ہو یا وزیر اعلی یہ سیاسی شخصیات ہونی چاہئیں، یہ راستے دوسروں کیلئے نہیں کھولنے چاہئیں، سیاسی عہدوں کو سیاست دان ہی چلا سکتے ہیں، یہ ان ہی کا کام ہے، ملک کا سب سے بڑا سیاسی عہدہ وزیر اعظم کا ہے، ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ میں کسی جج کی سیٹ خالی ہو تو اس میں مجھ جیسے بندے کو اگر جج لگاتے ہیں تو وہاں کیا انصاف کر پائے گا؟ کسی انتظامی عہدے پر اچانک کسی جج کو بٹھا دیا جائے، جس کو تجربہ نہ ہو وہ کام نہیں کر سکے گا

بقیہ 24

پر اسپکشن کی، جس میں قیمتوں میں اضافے پر 8500 جرمانہ عائد کیا گیا اور ایک دکان سیل کر دی گئی جبکہ چار افراد کو گرفتار کر کے تھانے منتقل کر دیا اور ایک شخص کے خلاف ایف آئی آر درج کر لی گئی، اس کے علاوہ بارہ پروفیشنل بھکاریوں کو بھی گرفتار کر کے تھانے منتقل کر دیا گیا، اس کے ساتھ ساتھ غیر قانونی کلینکس اور شیشہ کیفے کے خلاف بھی کارروائی کی گئی۔ تجاوزات کے خلاف بھی آپریشن کیا گیا، قیمتوں میں اضافے کے ساتھ ساتھ (8) کلو سے زائد پولی تھین بیگز ضبط کر لیے گئے۔ مزید برآں غیر قانونی پیٹرول فیلنگ ایجنسیوں اور غیر قانونی ایل پی جی فیلنگ اسٹیشن کے خلاف بھی کارروائی کی گئی۔ واضح رہے کہ روزانہ کی بنیاد پر تجاوزات، قیمتوں میں اضافے کے خلاف اور پروفیشنل بھکاریوں کے خلاف آپریشن جاری ہے۔

بقیہ 25

شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ رقم 55000 روپے، 02 موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا، ملزمان کو متعدد وارداتوں کے انکشاف پر شناخت پریڈ کے لیے جیل منتقل کیا گیا ہے، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت اولین ترجیح ہے، منظم اور متحرک گینگز کے خلاف کارروائیوں میں تیزی لائی جا رہی ہے

بقیہ 26

مسائل کو اجاگر کیا جاتا ہے اور معاشرے کے کمزور لوگوں کا سہارا سمجھا جاتا ہے کسی بھی معاشرے کی تعمیر و ترقی میں صحافت کا ہمیشہ اہم کردار رہا مثبت صحافت ہی معاشرے میں اصلاحات لاتی ہے صحافی انتظامیہ اور عوام کے درمیان پل کا کردار ادا کر کے عوامی مسائل کو اجاگر کرتے ہیں صحافت ایک عظیم شعبہ ہے جو عام انسان کی مشکلات سے لے کر معاشرے کے مسائل کو اجاگر کرتا ہے بعدازاں پوٹھوہار پریس کے صدر عامر وزیر ملک، جنرل سیکرٹری راجہ اسد سینئر نائب صدر راجہ عمر لطیف، سابق صدر احمد نواز کھوکھر، راجہ ظہور منظور ایڈووکیٹ ہائی کورٹ نے باری باری خطاب کرتے ہوئے انفورسمنٹ انسپکٹر خواجہ بلال سلیم کو شعبہ تجاوزات میں احسن طریقے سے ذمہ داریاں نبھانے پر خراج تحسین پیش کیا اور کہا جس طرح آپ کے والد نے بلدیہ آفس میں اچھا وقت گزارا اور انتھک محنت کی وہ خدمات قابل ستائش تھیں اور آگے آپ نے بھی انکے نقش قدم پر چلتے ہوئے ایک قلیل وقت میں اچھے برے حالات کا سامنا کرتے ہوئے اپنی کامیابیوں کا لوہا منوایا اور اپنے شعبے سے مخلص رہے اور فرائض کو جانبداری سے نبھایا اور سب کے ساتھ پیار محبت بانٹنے کے ساتھ اپنے ماتحتوں کے ساتھ بھی انتہائی شفیق پائے گے جسکی بدولت حلقہ احباب میں خوبصورت دوستوں کا ایک منفرد گلدستہ بنایا بعدازاں پریس کلب کے عہدیداران اور وکلا نے سپیشل برانچ کے پرموٹ ہونے والے ملازمین اشفاق کو اے ایس آئی اور آصف کو سب انسپکٹر پرموٹ ہونے پر مبارکباد دی اور انکے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا

بقیہ 27

لیگ کے رہنما طارق فضل چوہدری کے بیٹے عنزہ طارق کی گاڑی بے قابو ہو کر کھمبے سے ٹکرا کر الٹ گئی تھی۔

بقیہ 28

لیگ ن کے قائد نواز شریف نے سربراہ پی ڈی ایم مولانا فضل الرحمن سے ٹیلیفونک رابطہ کیا، دونوں رہنماؤں نے ملکی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ نواز شریف اور مولانا فضل الرحمن نے انتخابات کے حوالے سے مشاورت کی، جبکہ نگران سیٹ اپ سمیت دیگر امور پر بھی بات چیت کی گئی۔ قائد مسلم لیگ ن نے دبئی میں آصف زرداری سے ملاقات پر ان کو اعتماد میں لیا۔ نواز شریف نے سربراہ پی ڈی ایم کو یقین دہانی کرائی کہ تمام سیاسی جماعتوں کو ساتھ لیکر چلیں گے۔ نواز شریف نے وزیر اعظم شہباز شریف کو اتحادی جماعتوں کے سربراہوں کا اجلاس بلانے کی ہدایت کی۔ جبکہ سابق وزیر اعظم نواز شریف نے ناراض مولانا فضل الرحمان کو منانے کا فیصلہ کرتے ہوئے انہیں ملاقات کیلئے دبئی بھی مدعو رکھا ہے۔ سابق وزیر اعظم سعودی عرب سے لندن کے بجائے دبئی جائیں گے، نواز شریف مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات میں انکے تحفظات دور کریں گے۔

بقیہ 29

15 ہزار سے بڑھا کر 33 ہزار روپے کر دی گئی ہے اب تھری فیز کنکشن کیلئے ڈیمانڈ نوٹس کی مجموعی طور پر 42 ہزار روپے تک ادائیگی کرنا ہوگی۔ نوٹیفکیشن میں مزید کہا گیا ہے کہ میٹیریل کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے نئے کنکشن کے ڈیمانڈ نوٹس کی فیس میں اضافہ کیا گیا، ڈائریکٹر کسٹمر سروسز نے آپریشن سرکلز کے سربراہان کو مراسلہ بھجوا دیا ہے۔ لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) میں اضافی قیمت کا فیصلہ جون سے نافذ العمل ہوگا

بقیہ 30

نے کہا کہ حکومت نے نوٹیفکیشن کو چیلنج نہیں کیا اب اس پر عملدرآمد کرنے کے علاوہ کیا چارہ ہے، ریٹائرڈ ایڈیشنل سیشن ججوں کے وکیل شہزاد شوکت نے دلائل دیئے۔

بقیہ 31

بی آئی ایس پی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ وہ زیادہ سے زیادہ تین گھنٹے کے اندر ان کے حل کو یقینی بنائیں۔ سیکرٹری بی آئی ایس پی نے بقیہ شکایات کے حل کی تصدیق کے لیے 3 گھنٹے بعد فالو اپ میٹنگ بھی کی۔ اجلاس میں تمام صوبائی ڈائریکٹر جنرلز نے شرکت کی۔ تمام صوبائی ڈی جیز نے سیکرٹری بی آئی ایس پی کو بقیہ ماندہ شکایات کے حل کے لیے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام مالی سال 2022-23 کے لیے بے نظیر کفالت کی چوتھی سہ ماہی قسط بھی جاری کر رہا ہے اور اب تک 7.7 ملین سے زائد مستحق خواتین میں 69 ارب روپے سے زائد کی رقم تقسیم کی جا چکی ہے۔ بے نظیر کفالت کے تحت 90 لاکھ رجسٹرڈ مستفید خاندان فی خاندان 9000 روپے کی سہ ماہی قسط کے حقدار ہیں۔ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام پہلے ہی اپنے پارٹنر بینکوں، یعنی بینک الفلاح اور حبیب بینک لمیٹڈ (HBL) کو ان کے نیٹ ورک کے ذریعے مستحقین میں تقسیم کرنے کے لیے 81 ارب روپے سے زائد جاری کر چکا ہے۔ بینظیر کفالت کے ساتھ ساتھ رجسٹرڈ خاندانوں کے بچوں کو بینظیر تعلیمی وظائف بھی دیئے جا رہے ہیں، تاہم، ان وظائف کے حصول کے لیے سکول میں 70 فیصد حاضری لازمی ہے۔ کسی بھی شکایت کی صورت میں، مستفید ہونے والے بی آئی ایس پی کے قریبی تحصیل دفاتر سے رجوع کر سکتے ہیں یا بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ٹول فری ہیلپ لائن نمبر 080026477 پر کال کر سکتے ہیں۔ بی آئی ایس پی کے ترجمان نے اس بات کا اعادہ کیا کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کا کوئی بھی پیغام صرف 8171 سے بھیجا جاتا ہے اور کسی دوسرے نمبر سے آنے والے پیغام پر بھروسہ نہیں کیا جائے۔

بقیہ 32

ساتی لاہور کے ناظم اعلی مولانا طیب عثمانی نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی قاری واحد بخش قاری رحمت اللہ لاشاری انجینئر خالد ٹیپو عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام ہمیں ان عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جو اسلام کی سربلندی کی دی گئیں تھیں یکم محرم کو سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی شہادت اور دس محرم کو شہزادہ اسلام سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت ہمیں حق اور سچ پر ڈٹ جانے کا درس دیتی ہے کہ دین کی سر بلندی کیلئے اگر ہمیں اپنی جان بھی قربان کرنا پڑے تو ہمیں دریغ نہیں کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام میں شر پسند عناصر ملکی امن کو تباہ کرنے کیلئے جو شرارتیں کرتے ہیں ہمیں سب کو مل کر ان کی ناپاک عزائم اور شرارتوں کو ناکام بنانا ہوگا۔ محرم میں قیام امن کیلئے جے یو آئی (س) سکیورٹی اداروں کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر چلے گی اور کسی ملک دشمن کی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دے گی۔

بقیہ 33

میں ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 34

نظام الدین کے علاوہ تاجروں و صارفین کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں از سر نو اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں کا تعین کیا گیا اور ضلع بھر میں آٹا حکومتی پالیسی کے مطابق، سوجی، میدہ 145 روپے فی کلو، دال چنا موٹی 210 روپے، دال چنا باریک 190 روپے، دال ماش دھلی ہوئی چنن 324 روپے، چنا سفید موٹا 365 روپے، چنا سفید باریک 330 روپے، بیسن 210 روپے، چینی سفید ایکس مل ریٹ پلس 2 روپے، دال مسور موٹی غیر ملکی 240 روپے، دال مونگ دھلی ہوئی 210 روپے، چاول سپر کرنل کچی 280 روپے، چاول سپر کرنل پکی 300 روپے، چاول کرنل چھوٹی 210 روپے، چاول اری سکس 140 روپے کلو، گھی بناسپتی، کوکنگ آئل بمطابق کمپنی ریٹ، دودھ فی لیٹر 100 روپے، دہی 110 روپے، چھوٹا گوشت 950 روپے، بڑا گوشت 550 روپے، برف 12 روپے فی کلو جبکہ تندوری و خمیری روٹی 100 گرام 15 روپے، نان سادہ 100 گرام 15 روپے کے نرخ مقرر کئے گئے ہیں، اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ اگلی میٹنگ تک ضلع بھر میں نئی متعین کردہ قیمتیں ہی لاگو رہیں گی۔ اے ڈی سی رضوان نذیر نے کہا کہ قیمتوں میں کمی کا فائدہ شہریوں کو پہنچایا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ کسی کو بھی ان ریٹس سے زائد پر اشیاء فروخت نہیں کرنے دی جائیں گی۔ اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر نے نئی قیمتوں کا باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا ہے۔

بقیہ 35

واقعی سزا دلوائی جائیگی، خواتین اور بچوں سے زیادتی ناقابل برداشت ہیں

بقیہ 36

ہوئے کہا کہ شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے

بقیہ 37

نہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز کا پہلا مشاورتی اجلاس تھا، پرویز خٹک اگلے اجلاس میں تمام پارٹی ممبران کی لسٹ جاری کریں گے

بقیہ 38

ایس پی رورل فضل شیر خان اور ایس ایچ او تھانہ جبر فواد خان بھی ہمراہ تھے۔

بقیہ 39

کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق ملک بھر میں 10 تا 16 جولائی کے دوران کورونا وائرس کی 9 ہزار 488 ٹیسٹ کیے گئے جن میں سی 61 ٹیسٹ مثبت آئے اور مثبت کیسز کی شرح 0.64 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ اس عرصہ کے دوران کورونا وائرس سے کوئی مریض جاں بحق نہیں ہوا جبکہ 8 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے

بقیہ 40

ی نرخ نامے کی عدم موجودگی اور گراں فروشی پر بیشتر دکانداروں کو بھی گرفتار کیا گیا ڈپٹی کمشنر پشاور شاہ فہد کے مطابق پشاور میں ضلعی انتظامیہ متحرک ہے اور باقاعدگی سے شیر فروشوں کی دکانوں میں دودھ کا معائنہ کیا جاتا ہے۔ انہوں نے انتظامی افسران کو اپنے علاقوں میں شیر فروشوں کی دکانوں میں دودھ کا معائنہ کرنے کی ہدایت کی ہے اور ملاوٹ ثابت ہونے پر قانونی کارروائی کا حکم دیا ہے۔

بقیہ 41

کی ضروریات بڑھ جاتی ہیں۔ ترجمان نے مزید کہا کہ پانی کی شدید کمی سے الیسک ایسڈ کی مقدار بڑھ جاتی ہے اور پھل تیزی سے گرنا شروع ہو جاتا ہے۔ پانی کی کمی سے پودے زردی مائل ہو کر سوکھنا شروع ہو جاتے ہیں۔ موسمی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے 7 سے 8 دن کے وقفہ سے کھجور کے باغات کو پانی لگائیں۔ پانی لگنے سے زمین کا درجہ حرارت کم ہو جاتا ہے جس سے باغ میں ٹھنڈک کا احساس ہوتا ہے اور پھل کی بڑھوتری کا عمل تیز ہو جاتا ہے علاوہ ازیں پھل کی کوالٹی بھی بہتر ہو جاتی ہے۔ اگر گرمی کے موسم میں نہری پانی وافر دستیاب نہ ہو تو ٹیوب ویل کا پانی نہری پانی میں اس طرح ملا کر لگائیں کہ پانی کا ضیاع نہ ہو۔ زمین سے نمی کا اخراج کم سے کم ہونا چاہیے جس کے لیے زمین پر گھاس کی موٹی تہہ بچھا دینی چاہیے۔ باغات سے جڑی بوٹیاں اچھی طرح تلف کریں تاکہ پانی کا ضیاع نہ ہو۔ نئے لگائے گئے پودوں کو جولائی اور اگست میں ہر دوسرے دن پانی لگائیں اور پودوں کو تر وتر حالت میں رکھیں تاکہ زمین کا درجہ حرارت کم رہے اور پودے گرمی کے مضر اثرات سے محفوظ رہیں۔ کھجور کی اچھی پیداوار حاصل کرنے کیلئے کھادوں کا استعمال بہت ضروری ہے اس مقصد کے لیے پودوں کو ہر سال 40 سے 60 کلوگرام فی پودا گوبر کی گلی سڑی کھاد ڈالیں علاوہ ازیں 2 کلوگرام یوریا، اڑھائی کلوگرام سنگل سپر فاسفیٹ اور 2 کلوگرام پوٹاش فی پودا ڈالیں۔ کھاد ڈالنے کے فوراً بعد گوڈی کر کے پانی لگا دیں۔ کھجور کی برداشت کے وقت کافی پھل ضائع ہو جاتا ہے جبکہ کچا پھل توڑنے پر کڑوا ہوتا ہے۔ کھجور کے پھل کی برداشت نہایت احتیاط سے کسی ٹوکری میں کریں تاکہ پھل نرم ہونے کے باعث نقصان سے محفوظ رہے۔ کھجور کو گچھوں سمیت نہ کاٹیں بلکہ پھل کو 3 سے 4 وقفوں سے برداشت کریں

بقیہ 42

کمیشن کی کارروائی جاری ہے۔ عدالت نے کہا کہ چیف جسٹس نے فیصلہ دیا کہ توہین کمیشن کی کارروائی جاری رہے گی، چیف جسٹس نے اپنے فیصلے میں کمیشن کو اس معاملے پر حتمی فیصلے سے روکا ہے۔ جسٹس طارق محمود جہانگیری نے ریمارکس دیتے ہوئے کہا کہ جو بھی ہے وہ بھی عدالت ہے، آپ کو نوٹس جاری ہوئے ہیں، آپ کے وارنٹ گرفتاری معطل کر رہے ہیں کمیشن کے سامنے پیش ہوں، اگر پیش نہ ہوئے تو توہین عدالت کی کارروائی ہوگی۔ عدالت نے سوال کیا کہ کیا وجہ ہے کہ آپ وہاں ذاتی حیثیت میں پیش نہیں ہو رہے؟ جسٹس طارق محمود جہانگیری نے کہا کہ آپ نے تو ہائی کورٹ کے آرڈر کی بھی خلاف ورزی کی ہے۔ وکیل فیصل چودھری نے کہا کہ ہم اسی دن اسلام آباد ہائی کورٹ کے سامنے پیش ہوئے تھے۔ جسٹس طارق جہانگیری نے کہا کہ الیکشن کمیشن کونسا کراچی میں ہے، ہائی کورٹ سے وہاں چلے جاتے، آپ نے ہائی کورٹ کے آرڈر کی خلاف ورزی کی ہے، کمیشن میں پیش نہیں ہو رہے، وکیل فیصل چودھری نے کہا کہ ہم الیکشن کمیشن کے سامنے پیش ہونے کو تیار ہیں۔

بقیہ 43

سیشن جج پر عدم اعتماد کی درخواست بھی دائر کر دی۔ الیکشن کمیشن کے وکیل امجد پرویز نے دونوں درخواستوں پر اعتراض اٹھایا اور کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کی درخواست پر ان کے دستخط ہی موجود نہیں جبکہ بیان حلفی کے بغیر عدالت پر کیچڑ اچھالنے کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ عدالت نے چیئرمین پی ٹی آئی کی دونوں درخواستوں پر فیصلہ محفوظ کر لیا ہے۔

بقیہ 44

کے بے شمار معززین نے پیپلز پارٹی میں شمولیت کے لئے رابطہ کر رہے ہیں انشا اللہ اگلے چند دنوں میں شمولیت اختیار کرنے والوں کی پوری عزت افزائی کے ساتھ پیپلز پارٹی اور سابق وزیر اعظم پاکستان اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کے کاروان میں شامل کریں گے کیونکہ راجہ پرویز اشرف نے اپنی سیاسی زندگی میں گوجرخان کی عوام کو جو عزت مقام بخش اور ان کے مسائل ان کی دہلیز پر حال کیے ان کی عوامی خدمات کی بدولت شہیدوں غازیوں کی دھرتی کے عوام صرف راجہ پرویز اشرف کو ہی اپنا نمائندہ منتخب کریں گے تاکہ تحصیل گوجرخان کی تعمیر و ترقی کا خواب پورا ہو جائے اور بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے موقع فراہم کیے جائیں

بقیہ 45

داخلہ کنونشن سینٹر کی نجکاری کرنا چاہتی ہے۔ ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ نے بتایا کہ سی ڈی اے کو کہا گیا ہے کہ اس کی آپشنز بنا کر لائی جائیں، سی ڈی اے جب آپشن لیکر آئے گا تو اسے کابینہ میں نجکاری میں لیکر جائیں گے۔ جوائنٹ سیکرٹری پاور نے کہا کہ تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کا معاملہ مشترکہ مفادات کونسل میں لیجایا جائے گا، سندھ کے علاوہ کسی بھی صوبے نے تقسیم کار کمپنی خریدنے کی حامی نہیں بھری۔ حکام پاور ڈویژن کے مطابق سندھ حکومت حیدرآباد اور سکھر الیکٹرک پاور سپلائی کمپنی خریدنے میں دلچسپی رکھتی ہے، باقی پنجاب، خیبر پختونخوا اور بلوچستان حکومت نے اس حوالے سے جواب نہیں دیا۔ حکام کے مطابق سندھ حکومت نے دو بجلی کمپنیاں خریدنے کیلئے فنانشل مشیر رکھنے کا بھی فیصلہ کیا ہے، وفاقی حکومت بھی نجکاری ڈویژن کے ساتھ مل کر مالیاتی مشیر تعینات کرے گی۔

بقیہ 46

نے چیئرمین پی ٹی آئی کی درخواست استثنٰی پر اعتراض کرتے ہوئے موقف اپنایا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کی درخواست استثنٰی پر ان کے دستخط ہی نہیں ہیں۔ دوران سماعت جج ہمایوں دلاور نے استفسار کیا کہ بہتر نہیں تھا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ میں دائر ٹرانسفر کی درخواست بھی ساتھ لگاتے؟ اس موقع پر عمران خان کے وکیل گوہر علی خان نے جج ہمایوں دلاور کی فیس بک پوسٹس عدالت میں دکھائیں اور کہا کہ میں نے جب ان پوسٹس کو دیکھا تو بہت دکھ ہوا، میں نے تمام پوسٹس فیس بک پر دیکھی ہیں، توشہ خانہ کیس میں فیئر ٹرائل کا سوال ہے۔ جس کے جواب میں جج ہمایوں دلاور نے اپنے فیس بک اکاؤنٹ کے اصلی ہونے کی تصدیق کی اور کہا کہ فیس بک اکاؤنٹ میرا ہے مگر پوسٹس میری نہیں ہیں، آپ کو نہیں لگتا ان کی جوڈیشل انکوائری ہونی چاہیئے؟ ان فیس بک پوسٹس کی کیا فارنزک ہوئی ہے؟ آپ کو نہیں لگتا کہ ان کی فارنزک ضروری ہے؟ آپ کیوں نہیں ان فیس بک پوسٹس کو جوڈیشل انکوائری کے سامنے لے کر جاتے؟ اس موقع پر وکیل گوہر علی خان نے کہا کہ میں امید کر رہا تھا کہ عدالت ان پوسٹس کی تردید کر دے گی، آپ جوڈیشل انکوائری کروا سکتے تھے، سپریم کورٹ جاسکتے تھے، پوسٹس ٹھیک ہیں یا نہیں، عدالت کے لیے درست نہیں کہ ٹرائل چلائے، اسلام آباد ہائی کورٹ میں ٹرانسفر کی درخواست دائر کی تو تب فیس بک مواد نہیں تھا، تمام پوسٹس فیس بک پر موجود ہیں، فیئر ٹرائل اور انسانی حقوق ہر فرد کا حق ہوتا ہے سماعت کے موقع پر الیکشن کمیشن کے وکیل امجد پرویز نے اپنے دلائل میں کہا کہ چیئرمین پی ٹی آئی نے پہلے سے ہی ٹرانسفر کی درخواست دائر کر رکھی ہے، کئی ماہ سے چیئرمین پی ٹی آئی عدالت سے فرار حاصل کر رہے ہیں، وہ اپنی درخواست استثنٰی پر دستخط کرنا بھی پسند نہیں کرتے، اسلام آباد ہائی کورٹ نے ڈیڑھ ماہ انہیں اسٹے دیا لیکن ان کا رویہ عدالت کی طرف سنجیدہ نہیں، چیئرمین پی ٹی آئی کو معلوم ہے کیس میں ان کے لیے کچھ بچت نہیں، اس لیے وہ کیس سے دور بھاگ رہے ہیں

بقیہ 47

الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ نوجوان نسل کی رگوں میں منشیات کا زہر اتارنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے، منشیات اور شراب سپلائرز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

بقیہ 48

کہا گیا کہ نگران حکومت کا کام الیکشن کرانا ہے لیکن نگران حکومت صرف پی ٹی آئی کو نشانہ بنانے میں مصروف ہے۔ انتقامی کارروائیوں سے آئندہ انتخابات مشکوک ہوں گے اور الیکشن صاف شفاف نہیں رہیں گے۔ دوسری جانب وائس چیئرمین تحریک انصاف شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز کی لانچنگ بھی لانچ سے پہلے فارغ ہوگئی، ستم ظریفی ہے ہم تاریخ سے سبق نہیں سیکھتے۔ کل سے پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز کی لانچنگ زیر بحث ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کی لانچنگ کو پارٹی سپورٹ حاصل تھی۔ انکا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز کو پارٹی قیادت کی مخالفت کا سامنا کرنا پڑے گا، بہت سے ارکان نے ویڈیو بیانات دے کر پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز سے لاتعلقی کا اعلان کر دیا۔ علاوہ ازیں سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ ماڈل ٹاؤن لاہور میں ہونے والی بیٹھک نے دبئی فیصلوں پر مہر ثبت کر دی، سب جانتے ہیں اس ملاقات میں کیا تبادلہ خیال ہوا۔ اسمبلی کی تحلیل اور نگران وزیر اعظم کیلئے 2 بڑی سیاسی جماعتوں نے فیصلے کئے۔ انہوں نے سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ یہ واضح ہو گیا نگران سیٹ اپ کس نوعیت کا ہوگا، ملک کے مستقبل کا فیصلہ 2 جماعتوں نے کرنا ہے یا عوام نہیں۔؟ شاہ محمود قریشی نے انتخابی قوانین میں ترامیم پر قائم پارلیمانی پارٹی کے اجلاس پر کہا کہ انتخابی اصلاحات عجلت میں کی جا رہی ہیں، پی ٹی آئی اہم اسٹیک ہولڈر ہے، اعتماد میں لینا چاہیے۔

بقیہ 49

۔ انہوں نے کمیٹی کے اجلاس میں اپیل کی کہ درآمدی اشیائے خورد ونوش کو ترجیحی بنیادوں پر کلیئر کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ریٹیل کسٹمرز کے پاس جی ڈی، بل آف لینڈنگ یا کسٹم پیڈ ڈیوٹی کے کاغذات نہیں ہوتے کیونکہ وہ بڑے درآمد کنندگان سے یہ سامان خریدتے ہیں اس لئے ریٹیل کسٹمرز کو کاغذات کی آڑ میں پریشان نہیں کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ فیصل آباد ڈرائی پورٹ پر بعض مسائل کی وجہ سے درآمد کنندگان فیصل آباد سے مال کلیئر کرانے کی بجائے لاہور اور کراچی سے اپنے مال کی کلیئرنس کرانے کو ترجیح دیتے ہیں لہٰذا ارباب اختیار کو اس صورتحال کا تدارک کرنا ہوگا۔ اجلاس میں فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر نائب صدر ڈاکٹر سجاد ارشد نے کہا کہ تاجروں کے جائز مسائل کے حل کے لیے چیمبر کی جانب سے ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں اور اس سلسلہ میں متعلقہ سیکٹرز کو اپنے مسائل کی نشاندہی کیساتھ ساتھ ان کے حل کے لیے قابل عمل سفارشات بھی پیش کرنی چاہیں۔ انہوں نے بتایا کہ چیمبر مختلف ایسوسی ایشنز سے رابطہ کر کے ان کے مخصوص مسائل معلوم کر رہا ہے جبکہ ان ایسوسی ایشنز کے عہدیداروں کو بھی چیمبر آنے کی دعوت دی گئی ہے تاکہ مل کر جائز مسائل کو حل کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ درآمدی اشیائے خورونوش کی کلیئرنس میں غیر معمولی تاخیر سے نہ صرف ان کے خراب ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں بلکہ درآمد کنندگان کو ڈیمرج کی مد میں بھاری چارجز بھی ادا کرنے پڑ رہے ہیں۔ اجلاس میں علی رضا، عبداللہ عابد و دیگران نے بھی شرکت کی اور اپنے مسائل پیش کئے۔ یہ خبر رات کو میں نے لیٹ بھیجی تھی اس لئے دوبارہ سنڈ کی تھی کیوں کہ خبر اچھی تھی آپ کی رہنمائی کا شکریہ کتنے بجے تک خبر سنڈ کر سکتے ہیں کیونکہ 12 بجے رات کو رانا ثناء اللہ تقریبات کر رہا ہے۔

بقیہ 50

روپے 26 پیسے پر بند ہوا، اوپن مارکیٹ میں بھی ڈالر کی قیمت میں 4 روپے کا اضافہ ہوا جس کے بعد اوپن مارکیٹ میں امریکی کرنسی 285 روپے پر فروخت ہوئی، ڈالر کے علاوہ دیگر کرنسیوں کی قیمتوں میں بھی نمایاں اضافہ ہوا، یورو کی قیمت فروخت 2 روپے اضافہ سے 318 روپے اور برطانوی پاؤنڈ کی قیمت فروخت 2 روپے اضافہ سے 371 روپے کی سطح پر ریکارڈ کی گئی۔ دوسری جانب کاروباری ہفتے کے آغاز پر ملک کی صرافہ مارکیٹوں میں سونا بھی مہنگا ہوا، عالمی مارکیٹ میں سونے کی فی اونس قیمت 2 ڈالرز اضافہ سے 1957 ڈالرز فی اونس کی سطح پر ریکارڈ کی گئی، عالمی مارکیٹ میں سونے کے نرخوں میں اضافہ کے باعث مقامی سطح پر بھی سونا مہنگا ہوا، پیر کے روز سونے کی فی تولہ قیمت 1600 روپے اضافہ سے 2 لاکھ 14 ہزار 800 روپے اور 10 گرام سونے کی قیمت 1371 روپے اضافہ سے 1 لاکھ 84 ہزار 156 روپے ہوئی، یوں صرف 4 کاروباری ایام میں ملک میں سونے کی فی تولہ قیمت 10 ہزار روپے سے زائد بڑھ گئی۔

بقیہ 51

۔ وزیر مملکت نے کہا کہ ایم کیو ایم نے شکست کی شرمندگی سے بچنے کیلئے بلدیاتی انتخابات سے راہ فرار اختیار کی۔ انہوں نے کہا کہ کراچی عوام نے جماعت اسلامی کے خواب مٹی میں ملا دیئے۔

بقیہ 52

سط قیمت 2752.68 روپے ریکارڈ کی گئی جو مئی کے مقابلہ میں 16 فیصد کم ہے، مئی 2023 میں ملک میں 11.68 کلوگرام ایل پی جی کی اوسط قیمت 3277.19 روپے ریکارڈ کی گئی تھی۔ گزشتہ سال جون کے مقابلہ میں رواں سال جون میں 11.68 کلوگرام ایل پی جی کی قیمت میں سالانہ بنیادوں پر 12.57 فیصد کی نمو ہوئی ہے، گزشتہ سال جون میں ملک میں 11.68 کلوگرام ایل پی جی کی قیمت 2445.24 روپے ریکارڈ کی گئی تھی جو رواں سال جون میں بڑھ کر 2752.68 روپے ہوگئی

بقیہ 53

جانے پر لواحقین نے راولپنڈی پولیس کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے شکریہ ادا کیا

بقیہ 54

تنگ کر کے باپ کے ساتھ سوار موضع ودھن کے مخالف نوجوان بابر علی کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے۔ جبکہ ریجن کے علاقہ کلورکوٹ چوڑی میں پسند کی شادی میں ناکامی پر نوجوان عرفان نے رشتہ دار لڑکی سعدیہ بی بی کو گولی مار کر خودکشی کر لی جن کو ہسپتال منتقل کر دیا جہاں لڑکی کی حالت تشویشناک بتلائی جا رہی ہے۔ سرگودھا کے گاؤں مٹھ لک میں شادی کی تقریب میں فائرنگ سے گولی گھر میں سوئی ہوئی لڑکی نمرہ بی بی کو جا لگی جسے شدید زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور مسلح افراد فرار ہو گئے۔ جبکہ سرگودھا کے چک 58 جنوبی کے قریب تیز رفتار کیری ڈبہ کی ٹکر سے راہگیر محمد ریاض جاں بحق ہو گیا۔ ان واقعات کے مقتولین اور متوفی کی نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے سپرد کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے

بقیہ 55

نے دوران چیکنگ چیز پلس کینٹ کو 1 لاکھ روپے، آمنہ مارٹ پسرور روڈ کو 50 ہزار روپے الیقا سٹور پسرور روڈ کو 25 ہزار روپے، ثقلین فلنگ سٹیشن کو 50 ہزار روپے، ولی خان ڈیفنس روڈ کو 40 ہزار روپے، حسنات پٹرولیم ڈیفنس روڈ کو 30 ہزار روپے، پروانہ فلنگ سٹیشن کو 40 ہزار روپے، سیٹھ فلنگ سٹیشن ایمن آباد روڈ کو 50 ہزار روپے اور نسیم پٹرولیم ایمن آباد روڈ کو 20 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا۔

بقیہ 56

بھر میں 2600 کلو میٹر طویل سڑکوں کے بحالی کے 137 منصوبے زیر تکمیل ہیں، صوبہ بھر میں سڑکوں کی تعمیر کے تمام پراجیکٹس کے کنٹریکٹ ای ٹینڈرنگ کے ذریعے دیئے جا رہے ہیں۔

بقیہ 57

، ایس پی پوٹھوہار نے ایس ایچ او واہ کینٹ اور ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، راولپنڈی پولیس متحرک اور منظم گینگز کی سرکوبی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

بقیہ 58

اضافہ کی منظوری کے ساتھ ساتھ اسی ماہ مختلف اضافوں کے ساتھ ماہانہ اور سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد کے ساتھ چار روپے تک بجلی کے فی یونٹ سے زائد اضافہ ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کی قیمتوں میں مسلسل اضافوں سے تاجر برادری متاثر ہو رہی ہے مہنگی بجلی کے باعث کاروبار مشکل ترین ہوتا جا رہا ہے، نیپرا دستاویزات کے مطابق بجلی کی اوسط پیداواری لاگت 6.73 روپے ہے کپیسٹی چارجز شامل کر کے بجلی کی قیمت 22.95 روپے ہو گئی جبکہ مختلف حکومتی ٹیکسز شامل کر کے عوام و کاروباری اداروں کو 60 روپے یونٹ تک بجلی فراہم کی جا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وائس آف ٹریڈرز کے تاجروں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وائس آف ٹریڈرز کے صدر عاصم مغل نے کہا کہ مہنگی بجلی سے تجارتی شعبہ متاثر ہوگا، بجلی کی چوری میں اضافہ سے لائن لاسز میں اضافہ ہوگا جنرل سیکرٹری رانا ریاض نے کہا کہ بجلی کی قیمتوں میں اضافوں کے ساتھ ساتھ ماہانہ، سہ ماہی فیول ایڈجسٹمنٹ فارمولہ ظالمانہ فیصلہ ہے بجلی کی فی یونٹ قیمتوں میں پہلے ہی ہوشربا اضافہ ہو چکا ہے اس لیے بجلی کی قیمتوں میں مزید اضافہ، فیول ایڈجسٹمنٹ فارمولہ یکسر ختم کیا جائے۔ اس سے کاروباری طبقہ متاثر ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاور پلانٹس کے ذریعے مہنگی بجلی کی پیداوار پر انحصار ختم کیا جائے اور مہنگے فرنس آئل کی بجائے تمام پاور پلانٹ گیس پر منتقل کیا جائے تاکہ بجلی کی پیداواری لاگت کم ہو سکے۔ مہنگی بجلی کی پیداوار پر انحصار ختم، سستی اور متبادل ذرائع سے بجلی پیدا کرنے کی پلاننگ کی جائے

بقیہ 59

جرخان نے ایس ڈی پی او سرکل گوجرخان سلیم خٹک کی زیر نگرانی انچارج ایچ آئی یو ایس آئی محمد مسعود نے اپنی ٹیم کے ہمراہ اہم کارروائی کرتے ہوئے دوہرے قتل کیس کے مرکزی ملزم احسن علی ولد محمد شبیر سکنہ سوئی چیمیاں کو جدید سائنٹفک ٹیکنالوجی استعمال کرتے ہوئے گرفتار کر لیا ملزم مقدمہ نمبر 765/23 بجرم 302/324 ت پ تھانہ گوجرخان میں نامزد تھا ملزم نے چکڑالی بدھال بیل دوڑ میں دو افراد کو قتل اور 4 افراد کو زخمی کر کے فرار ہو گیا تھا جبکہ پولیس تھانہ گوجرخان نے ایک اور اہم کارروائی کرتے ہوئے ذہنی طور معذور بچے اور اسکے چھوٹے بھائی کے ساتھ زیادتی کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا مدعی مقدمہ نے پولیس تھانہ گوجرخان میں درخواست دیتے ہوئے موقف دیا تھا کہ زعفران نامی شخص نے میرے دونوں بھائیوں کے ساتھ بدفعلی کی اور ویڈیو بنائی مدعی مقدمہ کے مطابقت میرا بھائی جسکی عمر 14 سال ہے ذہنی طور پر معذور ہے اس بھکا پھسلا ملزم اپنے گھر لیکر گیا اور زیادتی کا نشانہ بنایا اور ویڈیو بنائی جبکہ دوسرا بھائی جسکی عمر 12 سال ہے اس کو لنگر کھلوانے کے بہانے لیجا کر بدفعلی کی اور ویڈیو بنائی مدعی مقدمہ کی درخواست پر ارسلان SI نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ نمبر 952 مورخہ 23-16-07 بجرم 367/376iii/292 ت پ تھانہ گوجرخان درج رجسٹر کر کے دونوں بچوں کے ساتھ زیادتی اور بدفعلی کرنے والے ملزم زعفران حسین ولد محمد اقبال سکنہ جنڈ نجار گوجرخان کو فوری گرفتار کر کے بند حوالات کر کے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا

بقیہ 60

) نہ نکل سکی البتہ تحریک انصاف سے پوری حروف تہجی ضرور نکل آئی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ 9 مئی کے واقعہ نے تحریک انصاف کی بنیادیں کھوکھلی کر دی ہیں جہانگیر ترین کے بعد پرویز خٹک نے نئی پارٹی کا اعلان کر کے تحریک انصاف کا سیاسی جنازہ نکال دیا ہے، چیئرمین پی ٹی آئی نے اپنے دور اقتدار میں سیاسی جماعتوں کو توڑنے اور ان میں گروپ بندی کی کوششیں کیں جس میں انہیں ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا، البتہ اب ان کی اپنی پارٹی مختلف گروپوں میں ضرور بکھر چکی ہے۔ انہوں نے کہ شریف فیملی اور مسلم لیگ کی جڑیں عوام میں ہیں انہیں توڑنے والے کبھی اپنے عزائم میں کامیاب نہیں ہو سکے اور نہ آئندہ ہو سکیں گے۔ 2023 کے انتخابات میں (ن) لیگ بھاری اکثریت سے پورے ملک میں فتح حاصل کرے گی۔

بقیہ 61

تو مدد کے لیے تیار ہیں۔

بقیہ 62

کے اعزاز میں آج عشائیہ دیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق عشائیے کیلئے اسلام آباد میں موجود غیر ملکی سفارت کار دفتر خارجہ پہنچیں گے، وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری عشائیہ میں غیر ملکی سفارت کاروں سے خطاب بھی کریں گے۔

بقیہ 63

سیکرٹریٹ میں اجلاس ہوا، اجلاس میں آٹا اور چینی کی قیمتیں کنٹرول کرنے کیلئے لائحہ عمل کا جائزہ لیا گیا، اس موقع پر چیف سیکرٹری نے کہا کہ آٹا اور چینی کی مقررہ سے زائد نرخوں پر فروخت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ اشیا کی مصنوعی قلت پیدا کر کے صارفین کو لوٹنے والوں سے سختی سے نمٹا جائے گا، انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ موثر انتظامی اقدامات کے ذریعے آٹا اور چینی کی قیمتوں میں استحکام لایا جائے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ اشیا کی قیمتوں کے ساتھ ان کی طلب اور رسد پر بھی کڑی نظر رکھی جائے، ذخیرہ اندوزوں کیخلاف کارروائی کیلئے سپیشل برانچ انتظامیہ کو معاونت فراہم کرے گی۔ سیکرٹری خوراک نے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دی کہ صوبہ میں گندم اور چینی کے وافر سٹاک موجود ہیں، اجلاس میں صنعت اور خزانہ کے محکموں کے سیکرٹریز، ڈائریکٹر فوڈ پنجاب اور متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

بقیہ 64

کو 175 ارب روپے نقصان پہنچانے کے الزامات تھے، نیب کے نئے قانون کے تحت منصوبوں کیخلاف انکوائری بند کرنے کی منظوری دی گئی۔ دونوں منصوبوں کا ریکارڈ وزارت توانائی کے حوالے کرنے کیلئے خط لکھ دیا گیا، واضح رہے پورٹ قاسم منصوبے سے 60 ارب روپے جبکہ ساہیوال کول پاور منصوبے سے سالانہ 115 ارب روپے قومی خزانے کو نقصان پہنچانے کا الزام تھا۔

بقیہ 65

تنگ کر کے باپ کے ساتھ سوار موضع ودھن کے مخالف نوجوان بابر علی کو قتل کر دیا اور فرار ہو گئے۔ جبکہ ریجن کے علاقہ کلورکوٹ چوڑی میں پسند کی شادی میں ناکامی پر نوجوان عرفان نے رشتہ دار لڑکی سعدیہ بی بی کو گولی مار کر خودکشی کر لی جن کو ہسپتال منتقل کر دیا جہاں لڑکی کی حالت تشویشناک بتلائی جا رہی ہے۔ سرگودھا کے گاؤں مٹھ لک میں شادی کی تقریب میں فائرنگ سے گولی گھر میں سوئی ہوئی لڑکی نمرہ بی بی کو جا لگی جسے شدید زخمی حالت میں ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور مسلح افراد فرار ہو گئے۔ جبکہ سرگودھا کے چک 58 جنوبی کے قریب تیز رفتار کیری ڈبہ کی ٹکر سے راہگیر محمد ریاض جاں بحق ہو گیا۔ ان واقعات کے مقتولین اور متوفی کی نعشیں ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے سپرد کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے

بقیہ 66

نے کہا کہ یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے، میں اگر سفارتی آداب کا خیال رکھتا تو شاید نام نہ لیتا لیکن دل یہ کہتا ہے کہ جس نے احسان کیا ہو، اس کو یاد رکھا جائے، میں سمجھتا ہوں کہ پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر بڑھ رہے ہیں لیکن دعا کریں کہ قرضوں سے نہیں، قوم کی اپنی محنت، کمائی اور قربانی سے بڑھیں۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ جس طرح بچوں نے مختلف کھیلوں کے میدان میں گولڈ میڈل لیے، میں سمجھتا ہوں کہ اس سے ہمیں سبق اور ہمت حاصل کرنی چاہیے، یقین دلاتا ہوں کہ اگر اللہ تعالی نے ہمیں آئندہ موقع دیا تو قوم کے ان کروڑوں بچے اور بچیوں کی تعلیم، ان کی ووکیشنل ٹریننگ اور ان کے کھیل کود کے میدان بنانے اور سجانے میں جتنے بھی وسائل مہیا کر سکے کریں گے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ پورے پاکستان میں کروڑوں نوجوان اس قابل ہیں کہ ان کو مواقع میسر کیے جائیں، اس بجٹ میں 5 ارب روپے نوجوانوں کیلئے رکھے گئے ہیں، امید ہے نئی آنے والی حکومت اس بجٹ میں مزید اضافہ کرے گی۔

بقیہ 67

وزیر اعظم شاہد خاقان عباسی و دیگر کی عدالتی دائرہ اختیار سے متعلق درخواستوں پر فیصلہ پھر موخر کر دیا ہے۔ عدالتی عملے کے مطابق جج محمد بشیر کی رخصت کے باعث کیس کی کارروائی ملتوی کی گئی ہے۔ چار اگست کو نیب آرڈیننس کے تحت دائر درخواستوں پر فیصلہ سنایا جائے گا۔ درخواست دائر کرنے والوں میں شیخ عمران الحق، آغا جان اختر، سعید احمد خان، عبدالصمد داد اور چوہدری محمد اسلم ملزمان شامل ہیں۔

ریٹائرڈ سیشن ججوں کو جوڈیشل الاؤنس سمیت پنشن ادائیگی کے نوٹیفکیشن پر عمل درآمد کا حکم

لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب کی ماتحت عدلیہ کے ریٹائرڈ سیشن ججوں کو جوڈیشل الاؤنس سمیت پنشن ادائیگی کے نوٹیفکیشن پر عمل درآمد کا حکم دے دیا

حکومت نے نوٹیفکیشن کو چیلنج نہیں کیا اب اس پر عملدرآمد کرنے کے علاوہ کیا چارہ ہے، ریٹائرڈ ایڈیشنل سیشن ججوں کے وکیل شہزاد شوکت نے دلائل دیئے

لاہور (خصوصی خبر نگار) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب کی ماتحت عدلیہ کے ریٹائرڈ سیشن ججوں کو جوڈیشل الاؤنس سمیت پنشن ادائیگی کے نوٹیفکیشن پر عمل درآمد کا حکم دے دیا۔ جسٹس شاہد کریم کی سربراہی میں 3 رکنی فل بینچ نے فیصلہ سنایا، سرکاری وکیل نے ریٹائرڈ ججوں کو جوڈیشل الاؤنس کی ادائیگی کے نوٹیفکیشن پر عمل درآمد کی مخالفت کی اور کہا کہ عدالت ایسا نوٹیفکیشن جاری کرنے کا اختیار نہیں رکھتی ہے۔ سرکاری وکیل نے کہا کہ اس طرح کے نوٹیفکیشن کے لیے اسمبلی کی منظوری ضروری ہے۔ جسٹس شاہد کریم نے کہا کہ حکومت نے نوٹیفکیشن کو چیلنج نہیں کیا اب اس پر عملدرآمد کرنے کے علاوہ کیا چارہ ہے، ریٹائرڈ ایڈیشنل سیشن ججوں کے وکیل شہزاد شوکت نے دلائل دیئے۔ سرکاری وکیل نے کہا کہ اس طرح کے نوٹیفکیشن کے لیے اسمبلی کی منظوری ضروری ہے۔ جسٹس شاہد کریم (بقیہ نمبر 30)

پشاور: جے یو آئی کی قومی وصوبائی انتخابات آئینی مدت کے اندر کرانے کی سفارش

نواز شریف کی وطن واپسی معاملہ، استقبال کی باقاعدہ تیاریوں کی ہدایت جاری

تمام ڈویژنل صدور اور جنرل سیکرٹریز کو خط لکھ دیا، پارٹی کسی بھی وقت نواز شریف کی وطن واپسی کی تاریخ کا اعلان کرسکتی ہے، خط کا متن

ذرائع کے مطابق نواز شریف کی وطن واپسی پر شاندار استقبال کا ٹاسک مریم نواز کو سونپ دیا گیا ہے

لاہور (اسپیشل رپورٹر) نواز شریف کی وطن واپسی کا معاملہ، ن لیگ نے ہدایت نامہ جاری کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ ن نے سابق وزیراعظم نواز شریف کی وطن واپسی پر ان کے استقبال کیلئے بھرپور تیاریوں کی ہدایت کر دی، ن لیگ پنجاب نے تمام ڈویژنل صدور اور جنرل سیکرٹری کو خط لکھ دیا۔ خط میں ہدایت دی گئی کہ قومی و صوبائی ٹکٹ ہولڈرز، ڈویژنل و ضلعی صدور اور جنرل سیکرٹریز یونین کونسل کی سطح پر نواز شریف کے استقبال کی تیاریاں فوری شروع کریں۔ پارٹی کسی بھی وقت قائد مسلم لیگ ن کی وطن واپسی کی تاریخ کا اعلان کرسکتی ہے۔ ذرائع کے مطابق نواز شریف کی وطن واپسی پر شاندار استقبال کا ٹاسک مریم نواز کو سونپ دیا گیا ہے، مریم نواز ملک بھر سے آنے والی ریلیوں کی خودنگرانی کریں گی۔ یاد رہے کہ گزشتہ دنوں مسلم (بقیہ نمبر 28)

لاہور: استحکام پاکستان پارٹی کی رجسٹریشن کیلئے الیکشن کمیشن میں درخواست دائر

سیکرٹری بی آئی ایس پی کا مستحقین کی شکایات کے ازالے کیلئے ای کچہری کا انعقاد

ای۔ کچہری کے دوران، زیادہ تر شکایات کی فوری طور پر جانچ پڑتال کی گئی

سیکرٹری بی آئی ایس پی نے بقیہ شکایات کے حل کی تصدیق کے لیے 3 گھنٹے بعد فالو اپ میٹنگ بھی کی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) سیکرٹری بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) جناب عامر علی احمد نے پروگرام سے مستفید ہونے والوں کے ساتھ گفتگو اور ان کی شکایات کو براہ راست حل کرنے کے لیے آج ای۔ کچہری کا انعقاد کیا۔ ای کچہری میں ملک بھر سے مستفید ہونے والوں نے شرکت کی۔ ای۔ کچہری کے دوران، زیادہ تر شکایات کی فوری طور پر جانچ پڑتال کی گئی اور موقع پر ہی ان کی اصلاح کی گئی، جو پروگرام کی موثر خدمات کی فراہمی کے عزم کو ظاہر کرتی ہے۔ باقی ماندہ شکایات کے لیے سیکرٹری (بقیہ نمبر 31)

لیسکو نے نئے کنکشن کے ڈیمانڈ نوٹس کی فیس 100 فیصد بڑھا دی

اب تھری فیز کنکشن کیلئے ڈیمانڈ نوٹس کی مجموعی طور پر 42 ہزار روپے تک ادائیگی کرنا ہوگی

لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) میں اضافی قیمت کا فیصلہ جون سے نافذ العمل ہوگا

لاہور (اسپیشل رپورٹر) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) نے صارفین کیلئے نئے کنکشن کے ڈیمانڈ نوٹس کی فیس میں 100 فیصد اضافے کی منظوری دے دی۔ لیسکو کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اجلاس میں لیسکو کو ڈیمانڈ نوٹس کی فیس بڑھانے کی منظوری دی جس کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سنگل فیز کنکشن کی کیپٹل کاسٹ 4 ہزار سے بڑھا کر 7400 روپے کردی گئی ہے جس کے بعد سنگل فیز میٹر کا مجموعی ڈیمانڈ نوٹس 10 ہزار کا ہوجائیگا۔ تھری فیز میٹر کی کیپٹل کاسٹ (بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد: ن لیگ اور پیپلز پارٹی میں 8 اگست کو قومی اسمبلی تحلیل کرنے پر اتفاق

محرم میں قیام امن کیلئے ہم سکیورٹی اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں، قاری اعظم حسین

سیدنا فاروق اعظمؓ اور سیدنا امام حسینؓ کی شہادتیں ہمیں صبر ایثار قربانی اور برداشت کا درس دیتی ہیں

لاہور (جنرل رپورٹر) جمعیت علما اسلام (س) کے مرکزی سالار وامیر لاہور مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ محرم میں قیام امن کیلئے ہم سکیورٹی اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں، تمام خطباء علماء اور ذاکرین محرم کے پروگرامات اور مجالس میں اشتعال انگیز تقاریر سے اجتناب کریں، سیدنا فاروق اعظمؓ اور سیدنا امام حسینؓ کی شہادتیں ہمیں صبر ایثار قربانی اور برداشت کا درس دیتی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی ناظم اعلی مولانا ایوب خان ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر (بقیہ نمبر 32)

ڈسٹرکٹ پرائس فکسیشن کمیٹی ڈیرہ غازی خان کا اجلاس، نرخوں کا تعین

ڈیرہ غازی خان (نیوز رپورٹر) ڈسٹرکٹ پرائس فکسیشن کمیٹی ڈیرہ غازیخان کا اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رضوان نذیر کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں ڈی او انڈسٹریز اصغر صدیقی، سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی محمد صادق، ای اے ڈی اے اطہر جلیل، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت غلام محمد، ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیو سٹاک ڈاکٹر غلام (بقیہ نمبر 34)

04 یوم قبل لیب میں گن پوائنٹ پر کیش چھیننے والے 03 ملزمان گرفتار

نقدی 03 لاکھ 91 ہزار روپے اور واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد

ملزمان سے نقدی 03 لاکھ 91 ہزار روپے اور واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) سول لائنز پولیس کی اہم کاروائی، 04 یوم قبل لیب میں گن پوائنٹ پر کیش چھیننے والے 03 ملزمان گرفتار، نقدی 03 لاکھ 91 ہزار روپے اور واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد، ملزمان نے لالکرتی میں لیب پر راہزنی کی واردات کی تھی۔ تفصیلات کے مطابق سول لائنز پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے 04 یوم قبل لیب میں گن پوائنٹ پر کیش چھیننے والے 03 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کی شناخت فیصل، ثاقب اور فہیم کے نام سے ہوئی، ملزمان سے نقدی 03 لاکھ 91 ہزار روپے اور واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا، ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزمان ثاقب اور فہیم نے لیب کے ساتھ والی دوکان کے ملازم فیصل کے ساتھ مل کر واردات کی، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان نے سول لائنز پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی جان ومال پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔ ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان نے سول لائنز پولیس کو شاباش دیتے (بقیہ نمبر 36)

پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز ارکان کی وائرل فہرست جعلی ہے، اسحاق خٹک

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پرویز خٹک کے بیٹے اسحاق خٹک نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز کے ارکان کی وائرل فہرست جعلی ہے۔ ایک بیان میں پی ٹی آئی پارلیمنٹیرینز کے سربراہ پرویز خٹک کے بیٹے اسحاق خٹک نے کہا کہ سوشل میڈیا پر پارٹی ارکان کی وائرل فہرست مکمل طور پر جعلی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس فہرست کا صداقت سے کوئی تعلق (بقیہ نمبر 37)

ایس پی آپریشن مردان کا تھانہ جبر کا دورہ، سکیورٹی انتظامات کا جائزہ

اس موقع پر ڈی ایس پی رورل فضل شیر خان اور ایس ایچ او تھانہ جبر فواد خان بھی ہمراہ تھے

پشاور (نیوز رپورٹر) ایس پی آپریشن مردان روخانزیب نے تھانہ جبر کا دورہ کیا۔ دورے کے موقع پر تھانہ کی چاروں اطراف کی سکیورٹی، سی سی ٹی وی کیمرے، نفری، حوالات اور ریکارڈ سمیت دیگر تمام انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ محرر سٹاف کو پینڈنگ ریکارڈ جلد از جلد مکمل کرنے اور سکیورٹی کو مزید موثر بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ تھانے آنے والے سائلین کے ساتھ خوش اسلوبی سے پیش آئیں انکے مسائل تھانے کی سطح پر حل کریں اور خدمت خلق کو اپنا شعار بنائیں۔ اس موقع پر ڈی (بقیہ نمبر 38)

02 افراد کو قتل اور دیگر کو زخمی کرنیوالے مرکزی ملزم گرفتار، گوجر خان پولیس

دیگر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے عاصم اور سعید کو قتل جبکہ دیگر افراد کو زخمی کر دیا تھا

سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) گوجرخان پولیس کی موثر کاروائی، 02 افراد کو قتل اور دیگر کو زخمی کرنیوالے مرکزی ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق گوجرخان پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے 02 افراد کو قتل اور دیگر کو زخمی کرنے کے والے مرکزی ملزم احسن علی کو گرفتار کرلیا، ملزم احسن علی نے لڑائی جھگڑے کی بناء پر اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے عاصم اور سعید کو قتل جبکہ دیگر افراد کو زخمی کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتول عاصم کے والد کی مدعیت میں تھانہ گوجرخان میں مقدمہ درج کیا گیا تھا، ملزم کے 02 ساتھیوں شاہ زیب اور احسان قبل ازیں گرفتار ہوکر چالان ہو چکے ہیں، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، سنگین مقدمات (بقیہ نمبر 33)

دھمیال پولیس کی فوری کاروائی، 13 سالہ ذہنی معذور بچی سے زیادتی کی کوشش کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) دھمیال پولیس کی فوری کاروائی، 13 سالہ ذہنی معذور بچی سے زیادتی کی کوشش کرنے والا ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر بیرونی پولیس کو متاثرہ بچی کی والدہ نے درخواست دی کہ ملزم اسد عباس نے اس کی بیٹی کو خالی مکان میں لے جا کر زیادتی کی کوشش کی، دھمیال پولیس نے متاثرہ بچی کی والدہ کی درخواست پر فوری مقدمہ درج کر کے ملزم اسد عباس کو گرفتار کرلیا، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار (بقیہ نمبر 35)

راولپنڈی، میڈیا ٹاؤن میں گھر میں گیس لیکج سے دھماکہ سے دو افراد جھلس کر شدید زخمی

راولپنڈی (نیوز رپورٹر) راولپنڈی کے علاقے میڈیا ٹاؤن میں گھر میں گیس لیکج سے دھماکہ سے دو افراد جھلس کر شدید زخمی ہوگئے، ریسکیو حکام کے مطابق گھر میں گیس لیکج تھی جبکہ دھماکہ بجلی کا بٹن آن کرنے سے ہوا۔ دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد باپ بیٹا ہیں جنہیں ابتدائی طبی امداد کے بعد ہسپتال منتقل کیا گیا۔ دھماکے کے نتیجے میں گھر کے سامان کو بھی خاصا نقصان پہنچا ہے۔

توشہ خانہ فوجداری کیس، چیئرمین پی ٹی آئی نے سیشن جج پر بھی عدم اعتماد کی درخواست دائر کردی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) اسلام آباد کی سیشن کورٹ میں توشہ خانہ فوجداری کارروائی کیس میں، چیئرمین پی ٹی آئی نے سیشن جج پر بھی عدم اعتماد کی درخواست دائر کردی، حاضری سے استثنیٰ بھی مانگ لیا، عدالت نے دونوں درخواستوں پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ ایڈیشنل سیشن جج ہمایوں دلاور نے کیس کی سماعت کی۔ وکیل بیرسٹر گوہر نے چیئرمین پی ٹی آئی کی جانب سے حاضری سے استثنیٰ کے ساتھ (بقیہ نمبر 43)

کورونا وائرس کی 61 کیس رپورٹ، 8 مریضوں کی حالت تشویشناک

ملک بھر میں 10 تا 16 جولائی کے دوران کورونا وائرس کی 9 ہزار 488 ٹیسٹ کیے گئے

جاری اعداد وشمار کے مطابق ملک بھر میں 10 تا 16 جولائی کے دوران کورونا وائرس کی 9 ہزار 488 ٹیسٹ کیے گئے

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) ملک بھر میں ایک ہفتے کے دوران کورونا وائرس کی 61 کیس رپورٹ ہوئے جن میں سے 8 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ منگل کو قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) کی جانب سے جاری اعداد وشمار کے مطابق ملک بھر میں 10 تا 16 جولائی کے دوران کورونا وائرس کی 9 ہزار 488 ٹیسٹ کیے گئے جن میں سی 61 ٹیسٹ مثبت آئے اور مثبت کیسز کی شرح 0.64 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ اس عرصہ کے دوران کورونا وائرس سے کوئی مریض جاں بحق نہیں ہوا جبکہ 8 مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ منگل کو قومی ادارہ صحت (این آئی ایچ) (بقیہ نمبر 39)

TSR: 2603
Rs: 35,00,000
TSR No. 2570

اسلام آباد: توشہ خانہ کیس: چیئرمین پی ٹی آئی کی جج پر عدم اعتماد کی درخواست مسترد

لاہور: ریٹائرڈ سیشن ججوں کو جوڈیشل الاؤنس سمیت پنشن ادائیگی کے نوٹیفکیشن پر عمل درآمد کا حکم

تمام کارکنان ایک چٹان کی طرح متحد ہو کر الیکشن کمپین شروع کریں گے

پیپلز پارٹی کے سیاسی مخالفین پر خوف طاری ہو گیا ہے ایم مقصود قریشی

گوجرخان (قمر شہزاد) سابق وزیراعظم پاکستان اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کی قیادت میں پیپلز پارٹی کے تمام کارکنان ایک چٹان کی طرح متحد ہو کر الیکشن کمپین شروع کریں گے جس طرح لوگ جوق در جوق راجہ پرویز اشرف کی قیادت پر اعتماد کرتے ہوئے پیپلز پارٹی میں شامل ہو رہے اس سے پیپلز پارٹی کے سیاسی مخالفین پر خوف طاری ہو گیا ہے مخالفین چاہیے کچھ بھی کریں جتنا مرضی زور لگالیں شکست ان کا مقدر بن چکی ہے، ان خیالات کا اظہار پیپلز پارٹی تحصیل گوجر خان کے سیکٹری اطلاعات ونشریات ایم مقصود قریشی نے اپنے بیان میں کہا انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ پی ٹی آئی اور دیگر سیاسی جماعتوں (بقیہ نمبر 44)

ملاوٹ شدہ دودھ فروخت کرنے پر 14 شیر فروش گرفتار، 400 لیٹر دودھ تلف

باقاعدگی سے شیر فروشوں کی دکانوں میں دودھ کا معائنہ کیا جاتا ہے۔ ڈپٹی کمشنر پشاور شاہ فہد

پشاور (نیوز رپورٹر) ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنر شیا گل نے محکمہ لائیوسٹاک کے سپر وائزر نعیم الحسن کے ہمراہ فقیر آباد اور دیگر علاقوں میں میں شیر فروشوں کی دکانوں میں دودھ کا لائیوسٹاک کی جدید موبائل لیبارٹری کے زریعے معائنہ کیا۔ معائنے کے دوران دودھ میں وافر مقدار میں پانی کی ملاوٹ پر 14 شیر فروشوں کو گرفتار کرکے 400 لیٹر سے زائد ملاوٹ شدہ دودھ تلف کر دیا جبکہ سرکار (بقیہ نمبر 40)

باغبان کھجور کے باغات کی آبپاشی جاری رکھیں: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) محکمہ زراعت پنجاب کے ترجمان نے کہا ہے کہ کھجور کے باغات کی آبپاشی جاری رکھیں کیونکہ جولائی اور اگست میں پھل کی بڑھوتری کی وجہ سے پودوں کی پانی اور غذا (بقیہ نمبر 41)

کنونشن سینٹر کی ملکیت کا تعین کیے بغیر نجکاری فہرست میں شامل کرنے کا انکشاف

کاری بابوؤں کی بڑی نااہلی سامنے آگئی، وزارت داخلہ اور وفاقی ترقیاتی ادارہ ملکیت کے دعویدار بن گئے

جوائنٹ سیکرٹری پاور نے کہا کہ تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری کا معاملہ مشترکہ مفادات کونسل میں لیجایا جائے گا

اسلام آباد (نامہ نگار) سینیٹ کی نجکاری کمیٹی کے اجلاس میں کنونشن سینٹر کی ملکیت کا تعین کیے بغیر نجکاری فہرست میں شامل کرنے کا انکشاف ہوا۔ سینیٹر شمیم آفریدی کی زیر صدارت سینیٹ کی نجکاری کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں کنونشن سینٹر کی نجکاری کا معاملہ زیر بحث آیا۔ ذرائع کے مطابق سی ڈی اے کنونشن سینٹر کی نجکاری میں رکاوٹ بن گیا، کنونشن سینٹر کی ملکیت کا تعین کیے بغیر نجکاری فہرست میں شامل کرنے کا انکشاف ہوا۔ سرکاری بابوؤں کی بڑی نااہلی سامنے آگئی، وزارت داخلہ اور وفاقی ترقیاتی ادارہ ملکیت کے دعویدار بن گئے۔ سیکرٹری نجکاری ڈویژن کے مطابق کنونشن سینٹر نجکاری والے اداروں کی فہرست میں شامل ہے، حکومت نے اس کیلئے مالی مشیر بھی تعینات کر دیا ہے اور اخراجات ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزارت داخلہ نے ایک ارب روپے کنونشن سینٹر سی ڈی اے سے خریدا۔ ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ نے کہا کہ کنونشن سینٹر کی نجکاری کیلئے سی ڈی اے کو مکمل تفصیلات دینے کی ہدایت کی گئی، جو بھی اس کو خریدے گا وہ کمرشل بنیادوں پر اس کو چلائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کنونشن سینٹر کی ملکیت وزارت داخلہ کی ہے سی ڈی اے کو مینٹیننس کیلئے دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کنونشن سینٹر موجودہ حالت میں نجکاری کیلئے پرکشش آپشن نہیں ہے۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ پہلے تو ہمیں معلوم ہی نہیں تھا کہ مالک کون ہے اب ہمیں پتہ چلا ہے، کیا وزارت (بقیہ نمبر 45)

لاہور: آٹا اور چینی کے ذخیرہ اندوزوں کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

فواد چودھری کے وارنٹ گرفتاری معطل، الیکشن کمیشن میں پیش ہونے کا حکم

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سابق وفاقی وزیر فواد چودھری کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری معطل کر دیئے۔ فواد چودھری کی الیکشن کمیشن کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ نے فواد چودھری کو 20 جولائی کو الیکشن کمیشن کے سامنے پیش ہونے کا حکم دے دیا۔ سماعت کے دوران فواد چودھری کے وکیل فیصل چودھری نے کہا کہ الیکشن کمیشن میں فواد کے خلاف توہین (بقیہ نمبر 42)

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی

ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رہیں گی

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائی، 10 ملزمان گرفتار، اسلحہ وایمونیشن برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس نے ملزم شاہد اور صابر سے 02 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، صادق آباد پولیس نے ملزم اسامہ، فرہاد اور عمر سے 03 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، نصیر آباد پولیس نے ملزمی یاسر اور حسین سے 02 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، نیوٹاؤن پولیس نے ملزم سمیع سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، گوجرخان پولیس نے ملزم کامران سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، چکری پولیس نے ملزم تجمل حسن سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رہیں گی، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کاروائیاں جاری رہیں گی۔

جماعت اسلامی کبھی بھی سیاسی اور جمہوری پارٹی نہیں رہی، فیصل کریم کنڈی

جماعت اسلامی جنت کے خواب دکھا کر قوم کو گمراہ کرنے کی کوشش کرتی رہی ہے، وزیر مملکت

وزیر مملکت نے کہا کہ ایم کیو ایم نے شکست کی شرمندگی سے بچنے کیلئے بلدیاتی انتخابات سے راہ فرار اختیار کی

اسلام آباد (یو این پی) وزیر مملکت اور سیکرٹری اطلاعات پیپلز پارٹی فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کبھی بھی سیاسی اور جمہوری پارٹی نہیں رہی۔ اپنے بیان میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ جماعت اسلامی جنت کے خواب دکھا کر قوم کو گمراہ کرنے کی کوشش کرتی رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کا نوجوان باشعور ہے جماعت اسلامی کے جھانسے میں آنے والا نہیں۔ وزیر مملکت نے کہا کہ ہر آمر نے جماعت اسلامی کو خرید کر اپنے مقاصد پورے کئے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ ایم کیو ایم نے شکست کی شرمندگی سے بچنے کیلئے بلدیاتی انتخابات سے راہ فرار اختیار کی۔ انہوں نے کہا کہ کراچی عوام نے جماعت اسلامی کے خواب مٹی میں ملا دیئے۔ جماعت اسلامی جنت کے خواب دکھا کر قوم کو گمراہ کرنے کی کوشش کرتی رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کا نوجوان باشعور ہے جماعت اسلامی کے جھانسے میں آنے والا نہیں۔ وزیر مملکت نے کہا کہ ہر آمر نے جماعت اسلامی کو خرید کر اپنے مقاصد پورے کئے (بقیہ نمبر 51)

ملک میں ایل پی جی کی قیمت میں جون کے دوران ماہانہ بنیاد پر 16 فیصد کمی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) ملک میں ایل پی جی کی قیمت میں جون کے دوران ماہانہ بنیاد پر 16 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کی ماہانہ رپورٹ کے مطابق جون 2023 میں 11.68 کلوگرام ایل پی جی کی او (بقیہ نمبر 52)

انٹربینک میں امریکی ڈالر مزید 2 روپے 9 پیسے مہنگا

اوپن مارکیٹ میں امریکی کرنسی کی قیمت 286 روپے ہوگئی

یوں صرف 4 کاروباری ایام میں ملک میں سونے کی فی تولہ قیمت 10 ہزار روپے سے زائد بڑھ گئی

کراچی (نیوز رپورٹر) امریکی کرنسی کی اونچی اڑان جاری ہے اور انٹربینک میں ڈالر مزید 2 روپے 09 پیسے مہنگا ہو کر 281 روپے کی سطح پر پہنچ گیا، اوپن مارکیٹ میں اس کی قیمت 286 روپے ہوگئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آج ٹریڈنگ کے آغاز میں انٹربینک مارکیٹ میں روپے کے مقابلے میں ڈالر کی قدر میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جس کے نتیجے میں کاروباری ہفتے کے دوسرے روز انٹربینک میں روپے کے مقابلے میں امریکی ڈالر 2 روپے 09 پیسے مہنگا ہوا اور اس کی قیمت 281 روپے 35 پیسے ہوگئی جب کہ اوپن مارکیٹ میں ڈالر مزید 2 روپے مہنگا ہونے کے بعد 287 روپے میں اس کی فروخت جاری ہے۔ فاریکس ڈیلرز نے کہا ہے کہ انٹربینک میں ڈالر کی رسد کے مقابلے میں طلب میں اضافہ دیکھا جا رہا ہے، بینکوں کی جانب سے درآمد کنندگان کو ڈالر 281 روپے پچاس پیسے پر فروخت کیا جا رہا ہے۔ گزشتہ روز کاروباری ہفتے کا آغاز پاکستانی روپے کیلئے انتہائی مایوس کن ثابت ہوا، انٹربینک اور اوپن مارکیٹ میں ڈالر روپے کے مقابلے میں پھر مہنگا ہونے لگا، کاروباری ہفتے کے پہلے روز انٹربینک میں امریکی کرنسی کی قیمت میں ایک روپیہ 67 پیسے کا اضافہ ہوا ہے، جس کے بعد انٹربینک میں ڈالر 279 (بقیہ نمبر 50)

پشاور: سابق پی ٹی آئی ارکانِ اسمبلی کا الیکشن سے متعلق چیف سیکرٹری اور آئی جی کو خط

پشاور (جنرل رپورٹر) سابق پی ٹی آئی ارکانِ اسمبلی کا کہنا ہے کہ نگران خیبر پختونخوا حکومت کی انتقامی کارروائیوں سے آئندہ انتخابات مشکوک ہوں گے۔ تفصیلات کے مطابق سابق پی ٹی آئی ارکانِ اسمبلی نے چیف سیکرٹری اور آئی جی خیبر پختونخوا کو آئندہ انتخابات کے حوالے سے خط لکھ دیا، خط پر 56 سابق ارکانِ اسمبلی کے دستخط ہیں۔ خط میں (بقیہ نمبر 48)

توشہ خانہ کیس، عمران خان کیخلاف 2 درخواستوں پر فیصلہ محفوظ

کیس میں ان کے لیے کچھ بچت نہیں، اس لیے وہ کیس سے دور بھاگ رہے ہیں

آپ کو نہیں لگتا ان کی جوڈیشل انکوائری ہونی چاہیئے؟ ان فیس بک پوسٹس کی کیا فارنزک ہوئی ہے؟

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کے خلاف توشہ خانہ کیس میں 2 درخواستوں پر فیصلہ محفوظ کرلیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اسلام آباد کے ایڈیشنل سیشن جج ہمایوں دلاور کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت نے چیئرمین پی ٹی آئی کے خلاف توشہ خانہ کیس کی سماعت کرتے ہوئے 2 درخواستوں پر فیصلہ محفوظ کیا، جہاں دوران سماعت الیکشن کمیشن کے وکیل امجد پرویز اور چیئرمین پی ٹی آئی کے وکیل گوہر علی خان عدالت میں پیش ہوئے۔ بتایا گیا ہے کہ گوہر علی خان نے چیئرمین پی ٹی آئی کی آج کے لیے حاضری سے استثنیٰ کی درخواست دائر کی تو الیکشن کمیشن کے وکیل امجد پرویز (بقیہ نمبر 46)

ایرانی کھجور پر ریگولیٹری ڈیوٹی 74 سے کم کر کے 10 فیصد کرنے پر حکومت کے مشکور ہیں، چیئرمین فوڈ سٹف کمیٹی

فیصل آباد (خبر نگار) ایوان صنعت وتجارت فیصل آباد کی ہول سیل فوڈ سٹف بارے قائمہ کمیٹی کے چیئرمین شیخ محمد فاضل نے کہا کہ ایرانی کھجور پر ریگولیٹری ڈیوٹی 74 سے کم کر کے 10 فیصد کرنے پر حکومت کے مشکور ہیں (بقیہ نمبر 49)

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب کے خلاف کارروائی

منشیات اور شراب سپلائرز کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا، ڈویژنل ایس پیز

راولپنڈی (اسپیشل رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب کے خلاف کاروائی، 03 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے ملزم محمد عدیل سے 01 کلو 40 گرام چرس، ریس کورس پولیس نے ملزم عادل علی سے 10 لیٹر شراب، کلر سیداں پولیس نے ملزم اشفاق سے 01 بوتل شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ (بقیہ نمبر 47)

پشاور: پشاور: حیات آباد میں ایف سی کی گاڑی کے قریب خودکش دھماکہ، 8 افراد زخمی

روات کے علاقہ سے 04 روز قبل اغواء ہونے والا لڑکا بازیاب

پولیس نے بازیاب ہونے والے لڑکے کو والدین کے حوالے کر دیا

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) روات کے علاقہ سے 04 روز قبل اغواء ہونے والا لڑکا بازیاب، پولیس نے بازیاب ہونے والے لڑکے کو والدین کے حوالے کردیا۔ تفصیلات کے مطابق روات کے علاقہ سے 04 روز قبل اغواء ہونے والا لڑکے کو بازیاب کرلیا، پولیس نے بازیاب ہونے والے لڑکے کو والدین کے حوالے کر دیا، لڑکے کے کیمطابق اغواء کاروں نے اسے ملہال مغلاں (چکوال) کے علاقہ میں اتار دیا پولیس نے اس کو تلاش کرلیا، سی پی او سید خالد ہمدانی نے ایس پی صدر، اے ایس پی صدر سرکل اور روات پولیس کو شاباش دی، بچے کے مل جانے پر لواحقین نے راولپنڈی پولیس کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے شکریہ ادا کیا۔ پولیس نے بازیاب ہونے والے لڑکے کو والدین کے حوالے کر دیا، لڑکے کے کیمطابق اغواء کاروں نے اسے ملہال مغلاں (چکوال) کے علاقہ میں اتار دیا پولیس نے اس کو تلاش کرلیا، سی پی او سید خالد ہمدانی نے ایس پی صدر، اے ایس پی صدر سرکل اور روات پولیس کو شاباش دی، بچے کے مل (بقیہ نمبر 53)

پسند کی شادی میں ناکامی پر لڑکی کو گولی مار کر خودکشی اور قتل و ٹریفک حادثہ میں تین افراد جاں بحق اور دونوں شیزائیں زخمی

لاہور (کرائم رپورٹر) پسند کی شادی میں ناکامی پر لڑکی کو گولی مار کر خودکشی اور قتل وٹریفک حادثہ میں تین افراد جاں بحق اور دونوں شیزائیں زخمی ہوگئیں جن کو ہسپتال منتقل کر کے مقتولین اور متوفی کی نعشیں ضروری کاروائی کے بعد ورثاء کے سپرد کر کے پولیس مصروف تفتیش ہے۔ سرگودھا کے قصبہ بھیرہ انٹرچینج کے قریب مسلح افراد نے موٹر سائیکل پر فائر (بقیہ نمبر 54)

اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ کی ناجائز منافع خوروں کے خلاف کارروائیاں، 4 لاکھ روپے جرمانہ

سیالکوٹ (نیوز رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ غلام سرور نے پرائس چیکنگ کرتے ہوئے مختلف سٹورز اور فلنگ سٹیشنز کو ریٹ لسٹ نہ لگانے/ ناپ تول میں کمی واوور چارجنگ پر 4 لاکھ روپے سے زائد کا جرمانہ عائد کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ (بقیہ نمبر 55)

1122
AMBULANCE

اٹک: اٹک: دریائے سندھ میں نہاتے ہوئے باپ بیٹے سمیت 3 افراد ڈوب کر جاں بحق

موٹر سائیکل چوری اور نقب زنی کی وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان گرفتار

راولپنڈی پولیس متحرک اور منظم گینگز کی سرکوبی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) واہ کینٹ پولیس کی کاروائی، موٹر سائیکل چوری اور نقب زنی کی وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان گرفتار، مسروقہ رقم 86 ہزار 500 روپے اور چوری شدہ 02 موٹر سائیکل برآمد۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل اور نقب زنی کی وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں مظہر اور واجد شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ رقم 86 ہزار 500 روپے اور چوری شدہ 02 موٹر سائیکل برآمد ہوئے (بقیہ نمبر 57)

بجلی کی قیمتوں میں 5 روپے فی یونٹ اضافہ ظالمانہ فیصلہ ہے، میاں کامران سیف

لاہور (نیوز رپورٹر) وائس آف ٹریڈرز کے پیٹرن ان چیف میاں کامران سیف نے نیپرا کی طرف سے فی یونٹ میں 5 روپے اضافہ کی منظوری پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسے ظالمانہ فیصلہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ 5 روپے یونٹ (بقیہ نمبر 58)

ذہنی معذور لڑکے و بھائی سے بدفعلی کرنے والا قوم لوط کا پیروکار گرفتار

انچارج ایچ آئی یو SI مسعود کی دبنگ کاروائی دوہرے قتل کی واردات کا مرکزی ملزم گرفتار

ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا بچوں کے ساتھ زیادتی جیسے واقعات ناقابل برداشت ہیں

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق ایس آئی ارسلان اور انچارج ایچ آئی یو ایس آئی مسعود کی دبنگ کاروائیاں ایس آئی ارسلان نے بچوں کے ساتھ زیادتی کرنے والے ملزم اور ایس آئی مسعود نے دوہرے قتل کے مقدمہ نامزد مرکزی ملزم کو گرفتار کرلیا ایس پی صدر نے پولیس تھانہ گوجرخان کی ان کاروائیوں سراہتے ہوئے انویسٹی گیشن افسران کو شاباش دی اور انکی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا بچوں کے ساتھ زیادتی جیسے واقعات ناقابل برداشت ہیں اس معاملے میں زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہیں پولیس تھانہ گو (بقیہ نمبر 59)

قوم لوط کا پیروکار پابند سلاسل

دوہرے قتل کی واردات کا مرکزی ملزم

پنجاب کے بعد خیبر پختونخواہ میں بھی پی ٹی آئی کا جنازہ نکل گیا' سلیم رضا

لاہور (سٹی رپورٹر) مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ پنجاب کے بعد خیبر پختونخواہ میں بھی پی ٹی آئی کا جنازہ نکل گیا، شریف فیملی کی سیاست ختم اور انہیں دیوار سے لگانے کا خواہشمند آج خود نشان عبرت بن چکا ہے، (ن) لیگ سے تو (ش (بقیہ نمبر 60)

پنجاب حکومت کا صوبے میں پلاسٹک روڈز متعارف کروانے کا اصولی فیصلہ

نگران وزیراعلی محسن نقوی نے روڈز پراجیکٹس کے تعمیراتی کاموں میں شفافیت اور اعلی معیار یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے

پلاسٹک روڈز کی تعمیر کیلئے پلان طلب کرلیا ہے، صوبے بھر میں بین الاضلاعی سڑکوں کی تعمیر کے 107 منصوبے 3 ماہ میں مکمل کیے جائیں گے

لاہور (خصوصی رپورٹر) پنجاب حکومت نے صوبہ بھر میں پلاسٹک روڈز متعارف کروانے کا اصولی فیصلہ کرلیا۔ نگران وزیراعلی پنجاب محسن نقوی نے پلاسٹک روڈز کی تعمیر کیلئے پلان طلب کرلیا ہے، صوبے بھر میں بین الاضلاعی سڑکوں کی تعمیر کے 107 منصوبے 3 ماہ میں مکمل کیے جائیں گے۔ پلاسٹک روڈ تارکول روڈ کے مقابلے میں زیادہ پائیدار ہوتی ہے، تارکول میں پلاسٹک مکس کر کے بنائی جانے والی سڑک جلد ٹوٹ پھوٹ کا شکار نہیں ہوتی۔ نگران وزیراعلی محسن نقوی نے روڈز پراجیکٹس کے تعمیراتی کاموں میں شفافیت اور اعلی معیار یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ واضح رہے کہ پنجاب بھر میں 2600 کلومیٹر طویل سڑکوں کے بحالی کے 137 منصوبے زیر تکمیل ہیں، صوبہ بھر میں سڑکوں کی تعمیر کے تمام پراجیکٹس کے کنٹریکٹ ای ٹینڈرنگ کے ذریعے دیئے جا رہے ہیں۔ نگران وزیراعلی محسن نقوی نے روڈز پراجیکٹس کے تعمیراتی کاموں میں شفافیت اور اعلی معیار یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ واضح رہے کہ پنجاب (بقیہ نمبر 56)

ایڈیٹر انچیف۔۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035